

## جناب اے۔ ریونت ریڈی صاحب

عزت مآب وزیر اعلیٰ، تلنگانہ

# TOSS میں داخلہ کا طریق کار

### 1. OTR رجسٹریشن کریں اور داخلے کے لیے درخواست دیں

تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی (TOSS) کی ویب سائٹ پر جائیں اور OTR (One-Time Registration) مکمل کریں۔اس کے بعد اپنے کورس (SSC یا انٹرمیڈیٹ) کا انتخاب کریں۔پراسپیکٹس اور ویب سائٹ میں دی گئی فہرست کے مطابق 5 مضامین منتخب کریں۔اپنے قریب ترین منظور شدہ ادارہ ( Accredited AI-Institution)اسٹڈی سینٹر کا انتخاب کریں۔





### 2. فیس ادا کریں اور درخواست جمع کرائیں

TOSS کی ویب سائٹ پر آن لائن داخلہ فیس ادا کریں۔ادائیگی کے بعد اپنی درخواست کی تفصیلات کا پرنٹ نکالیں۔پرنٹ شدہ درخواست منتخب کردہ AI اسٹڈی سینٹر میں جا کر جمع کرائیں تا کہ داخلہ کا عمل مکمل ہو سکے۔



### 3. داخلہ نمبر اور نصابی کتابیں حاصل کریں

AI اسٹڈی سینٹر میں درخواست جمع کروانے کے بعد آپ کو داخلہ شناختی نمبر (Admission ID) فراہم کیا جائے گا۔اسی کے ساتھ آپ کو اپنی نصابی کتابیں بھی اسٹڈی سینٹر سے فراہم کی جائیں گی۔




### 4. امتحانی فیس ادا کریں اور امتحانات دیں

اپنے منتخب کردہ مضامین کی امتحانی فیس ادا کرنے کے لیے TOSS کی ویب سائٹ پر لاگ ان کریں۔فیس کی تصدیق ہونے کے بعد مقررہ امتحانی مرکز پر جا کر امتحان دیں۔




### 5. سابقہ داخلہ رکھنے والے طلبہ

اگر آپ اپنے پہلے داخلے کے 5 سال کے اندر دوبارہ رجوع کر رہے ہیں،تو TOSS کی ویب سائٹ پر براہِ راست امتحانی فیس ادا کر کے دوبارہ رجسٹریشن کر سکتے ہیں۔اگر 5 سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے،تو آپ کو دوبارہ OTR حاصل کرنا ہوگا۔ دونوں صورتوں میں پہلے سے کامیاب کیے گئے زیادہ سے زیادہ 2 مضامین کے کریڈٹ کی منتقلی (Credit Transfer) کی سہولت دستیاب ہے۔

# کیوں فاصلاتی (open) اسکولی تعلیم آپ کا پسندیدہ انتخاب ہونا چاہیے

**1. سیکھنے کی آزادی:**

باہر نکلنا اور سب تک پہنچنا کے مقصد کے ساتھ اکتسابی آزادی کے اصول پر عمل کرتا ہے یعنی کیا سیکھنا ہے کس طرح سیکھنا ہے سیکھنے اور مکرر یکھنے کے لئے سیکھنا امتحان میں کب شرکت کرنا یہ آپ کے فیصلے کے تابع ہے۔ وقت مقام اور سیکھنے کی رفتار کے تعلق سے کوئی تحدیدات نہیں ہے۔

**2. لچکداریت**

تلنگانہ اوپن اسکول درج ذیل معاملات میں لچک فراہم کرتی ہے۔

☆ **مضامین کا انتخاب:** آپ دئے گئے مضامین کی فہرست میں سے آپ اپنی پسند کے مضامین کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

☆ **داخلہ:** مقرر کردہ ادارہ جنھیں اختصاراً ( اسٹیڈی سنٹر ) کہا جاتا ہے کے ذریعہ آپ داخلہ لے سکتے ہیں۔ جو طلبہ سائنس گروپ میں داخلہ کے خواہاں ہیں وہ صرف سائنس جونیئر کالجس ہی میں داخلہ کے اہل ہیں۔

☆ **امتحانات:** ایس ایس سی اوپن اسکول پبلک امتحانات سال میں دو بار منعقد کئے جاتے ہیں۔ پانچ سالہ (5) مدت میں نو (9) مواقع دیئے جاتے ہیں آپ کو داخلہ لینے کے بعد ایک سال مکمل کرنے پر ہی پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کر سکتے ہیں۔

**3. موزونیت Relevance**

تلنگانہ اوپن اسکول کے مختلف کورس اور پروگرام روزمرہ زندگی میں عملی طور پر کارآمد ہیں اور ساتھ ہی وہ تعلیمی اور پیشہ ورانہ سطح پر آگے چل کر تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھی راہ ہموار کرتے ہیں۔

**4. کریڈیٹ کی منتقلی:**

تلنگانہ اوپن اسکول کے طالب علموں کی گزشتہ معلومات (اگر انھوں نے ایس ایس سی میں مخصوص مضامین کامیاب کر چکے ہیں) کو قبول کرتا ہے۔ اس طرح کی انہیں بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن کے اوپن اسکول COBSE-NIOS کے منظور شدہ امتحانات کے کوئی مضامین کے کریڈیٹ کو منتقل کیا جاتا ہے۔ تفصیلات سکشن 2.3 میں دی گئی ہے۔

**5. دوبارہ داخلہ**

TOSS کے سابقہ ایس ایس سی یا انٹرمیڈیٹ کے طلباء جو اپنے ابتدائی داخلے کی پانچ سالہ معیاد مکمل کر چکے ہیں لیکن اپنے کورس مکمل کرنے میں ناکام رہے ہیں، وہ TOSS میں دوبارہ داخلہ لینے کے اہل ہیں۔ اگر یہ مضامین پچھلے دس سالوں کے اندر

مکمل ہوچکے ہوں تو چار مضامین تک کے کریڈٹ نئے داخلے میں شامل کئے جائیں گے۔ دوبارہ داخلہ ان موجودہ TOSS طلباء کے لئے دستیاب نہیں ہے جن کا داخلہ اب بھی فعال ہے اور ابتدائی پانچ سالہ میعاد کے اندر ہے۔

اگر آپ دوسرے بورڈز کے سابق طالب علم ہیں اور کم از کم ایک مضمون میں پاس ہو چکے ہیں لیکن کورس میں کامیاب نہیں ہوئے، تو آپ اپنے کریڈٹس منتقل کر سکتے ہیں۔ پانچ سال کے اندر پاس کیے گئے دو مضامین تک منتقل کئے جا سکتے ہیں۔

**6. منظورہ معیاری تعلیم:**

تلنگانہ اوپن اسکول معیاری تعلیم فراہم کرنے کے لئے ضروی اقدامات کرتی ہے حکومت نے اوپن اسکول کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ ایس ایس سی/ انٹرمیڈیٹ پبلک امتحانات منعقد کریں اور کامیابی کی سند جو کہ بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن حیدرآباد بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن حیدرآباد G.O.Rt. No. 723 اسکول ایجوکیشن ( بڈ جیٹ - ایس ایس اے ) ڈپارٹمنٹ ،تاریخ 27-09-20008 (SSC کورس) اور G.O. Ms. No. 170 ہائر ایجوکیشن (I.E.II) ڈپارٹمنٹ تاریخ 04-09-2012 (انٹرمیڈیٹ کورس) کے مماثل ہوں گے جاری کریں گے۔

# فہرست


طالب علم کی ذمہ داریاں ایک نظر میں- کیا کریں اور کیانہ کریں

1. تلنگانہ فاصلاتی اسکولی نظام تعلیم: اسے منفرد بنانے والی خصوصیات

1.1 اوپن اسکول کی خصوصیات اور لچک

1.2 دیگر بورڈس کے ایس ایس سی انٹرمیڈیٹ سرٹیفکیٹ رکھنے والے دوبارہ ایس ایس سی رانٹرمیڈیٹ

تلنگانہ اوپن اسکول میں داخلہ کے لئے اہل نہیں

1.3 پڑھائی کی اسکیمیں (ایس ایس سی)

1.4 پڑھائی کی اسکیمیں (انٹرمیڈیٹ)

1.5 اعلیٰ تعلیمی کورس کے خواہاں طلباء کیلئے رہنمایانہ ہدایات

2. داخلے برائے (2026-27)

2.1 داخلے کا طریقہ کار

2.2 (a) ایس ایس سی سطح پر داخلے کے لئے ضروریات

2.2 (b) انٹرمیڈیٹ کی سطح پر داخلے کے لئے ضروریات

2.3 (*) مسلمہ بورڈ زرکوسلس راوپن اسکولس کی فہرست

2.4 (a) ایس ایس سی کے لئے کریڈیٹ کی منتقلی

2.4 (b) انٹرمیڈیٹ کورس میں کریڈٹ کی منتقلی

2.4 (c) دوبارہ داخلہ اور کریڈٹ کی منتقلی (TOC)

2.5 (a) SSC داخلہ فیس کا خاکہ

2.5 (b) انٹرمیڈیٹ داخلہ فیس کا خاکہ

2.6 داخلہ فیس کس طرح ادا کی جائے؟

2.6.1 آن لائن داخلہ کے رجسٹریشن کا طریقہ کار

2.6.2 SSC اور انٹرمیڈیٹ کے داخلہ کی تصدیق

2.7 مضمون/گروپ کی تبدیلی

2.8 آپ کے AI (اسٹڈی سنٹر) کے بارے میں

3. تدریسی عمل

3.1 خودآموز تعلیمی مواد (SLM)

3.2 بالمشافہ تدریسی پروگرام (PCP)

3.2 (الف) بالمشافہ تدریسی پروگرام (P C P) کا شیڈول 27-2026

3.3 استاد کے ذریعے جانچے جانے والے اسائنمنٹس (TMA)

4. پیشہ ورانہ کورسز

4.1 SSC (گروپ C)

4.2 انٹرمیڈیٹ (گروپ C)

5. امتحانی نظام اور تعین قدر

5.1 پبلک امتحانات:

5.2 (i) کریڈٹ کا جمع ہونا

(ii) پریکٹیکل مضامین میں کریڈٹ کا حصہ

5.3 کارکردگی میں بہتری

5.4 مارکس شیٹ اور مائیگریشن ٹرانسفر سرٹیفکیٹ کی اجرائی

5.5 امتحانی ودیگر فیس

5.6 جنرل معلومات

5.7 اسکیم برائے امتحانات اور تصدیق کے شرائط

5.8 جوابی بیاضوں کی مکرر گنتی

5.9 جوابی بیاضوں کی دوبارہ تصدیق

5.10 غیر موزوں طریقے

5.11 تعلیم کے معیارات SSC اور Intermediate سرٹیفکیٹ کی معقولیت

ضمیمہ A درخواست فارم برائے داخلہ ایس ایس سی (اوپن اسکول)

ضمیمہ :B درخواست فارم برائے داخلہ انٹرمیڈیٹ (اوپن اسکول)

ضمیمہ C: سرکاری احکامات COBSE خطوط رسرکولرس وغیرہ کی

ضمیمہ :D CWSN(PH) زمروں اور کوڈس کی فہرست

# طالب علموں کی ذمہ داریاں

1. داخلے کی درخواست کاپی کا نمونہ پر کرنے سے پہلے پراسپیکٹس میں دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔
2. سب سے پہلے پراسپیکٹس میں دی گئی داخلے کی درخواست کاپی کے نمونہ کو احتیاط سے پر کریں، پھر تفصیلات کی درستگی اور دیگر اہل شرائط کو پورا کرنے کے بعد تمام تفصیلات آن لائن درخواست میں شامل کرتے ہوئے داخل کریں۔
3. طلبہ نوٹ کریں کہ داخلہ فیس ان کے آدھار نمبر اور موبائل نمبر کی بنیاد پر جمع کی جائے گی۔ دوسری درخواست کے لیے اسی آدھار نمبر اور موبائل نمبر پر داخلہ فیس دوبارہ قبول نہیں کی جائے گی۔
4. درخواست جمع کرانے، فیس کی ادائیگی اور داخلہ کی تصدیق کے تمام مراحل صرف آن لائن کیے جائیں گے۔ اس سلسلے میں کسی اور طریقہ کار کی اجازت نہیں ہے۔
5. لازمی طور پر داخلے کے لیے فراہم کردہ نمونہ کاپی اور آن لائن درخواست فارم کی تمام قطاریں اور تمام خانے بہ حسن خوبی اور مکمل طور پر پر کیے جائیں۔
6. داخلہ کے درخواست فارم کو بغیر ضروری منسلکات کے داخل نہ کریں۔
7. داخلہ فارم میں تاریخ پیدائش کے اندراج کے بعد کسی بھی وجہ سے تاریخ پیدائش دوبارہ تبدیل نہیں کی جائے گی۔
8. ایسی کسی بھی غیر منظورہ ایجنسی سے متاثر نہ ہو جائیں جو آپ کو کامیابی کی جھوٹی ضمانت دیں۔
9. پراسکپٹس امتحانات اور داخلہ فیس کی جتنی رقم دی گئی ہے اس سے زیادہ رقم مت ادا کیجئے۔
10. ہر مضمون کے لئے 30 پرسنل کنٹاکٹ پروگراموں (PCPS) کو جو کہ AI میں ہر سال لازمی طور پر فراہم کرتے ہیں مت گنوائے۔
11. ہر مضمون میں (جہاں کہیں ضرورت ہو) ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (TMAS) کو داخل کرنا مت بھولئے۔ کیونکہ بغیر ان تفویضات کو داخل کئے آپ کو پبلک امتحانات میں شرکت کا موقع نہیں دیا جائے گا اور یا آپ کا نتیجہ نامکمل قرار دیا جائے گا۔
12. امتحانات کے دوران یا ماقبل امتحانات کے بعد کی سرگرمیوں میں کسی بھی نامناسب طریقہ کو اختیار نہ کریں جیسے نقل کرنا تمہیں شخصی وغیرہ۔
13. طالب علم جو (تلنگانہ اوپن اسکول) SSC میں 27-2026 کے دوران داخلہ لینے کا خواہش مند ہے وہ پہلی مرتبہ اپریل مئی 2027 کے پبلک امتحان میں شرکت کرسکتا ہے۔
14. جو طلبہ مارچ / اپریل 2026 میں باقاعدہ ایس ایس سی بورڈز کے تحت منعقدہ ایس ایس سی امتحانات یا ایڈوانس سپلیمنٹری امتحانات میں کامیاب ہوئے ہیں، نیز وہ طلبہ جنہوں نے اپریل مئی 2026 میں ٹی او ایس ایس (TOSS) ایس ایس سی

امتحانات میں کامیابی حاصل کیے ہیں اور انٹرمیڈیٹ میں داخلہ لینا چاہتے ہیں، وہ اپریل مئی 2027 میں منعقد ہونے والے ٹی او ایس ایس (TOSS) پبلک امتحانات میں صرف 1 سے 4 مضامین کے لیے ہی شرکت کے اہل ہوں گے۔

15. جہاں کہیں آپ اوپن اسکول سے مراسلت کریں برائے مہربانی آپ اپنا نام، انرولمنٹ نمبر اور اپنا پتہ بتانا نہ بھولئے۔

**16. ہال ٹکٹ پر ایک بار پرنٹ ہونے کے بعد میڈیم، مضامین اور گروپ کو تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔**

**17. ہال ٹکٹس رنامنل رولز رسنٹر نامنل رولز پر طبع شدہ تاریخ پیدائش کو تبدیل کرنے کا کسی کو اختیار نہیں ہے۔**

18. آن لائن درخواست جمع کرانے سے پہلے، طلبہ کو درج ذیل باتوں کی جانچ کرنے کے بعد محتاط رہنا چاہئے:

a. نام، نام کے درمیانی فاصلہ، اور املا پراسپیکٹس کے سیکشن 2.2 میں درج دستاویزات کے مطابق ہونے چاہئیں۔

b. والد اور والدہ کا نام، ناموں کے درمیانی فاصلہ، اور املا پراسپیکٹس کے سیکشن 2.2 میں درج دستاویزات کے مطابق ہونے چاہئیں۔

c. تاریخ پیدائش پراسپیکٹس کے سیکشن 2.2 میں درج دستاویزات کے مطابق ہونی چاہئے۔

d. منتخب شدہ میڈیم۔

e. منتخب شدہ مضامین/گروپ۔

f. تصویر اور دستخط واضح اور مناسب سائز کے ہونے چاہئیں (سیکشن (ii)2.1)۔

g. موبائل نمبر، رہائشی پتہ، آدھار نمبر۔

# 1. تلنگانہ فاصلاتی اسکولی نظام تعلیم: اسے منفرد بنانے والی خصوصیات

اوپن اسکول سوسائٹی اُن افراد کو تعلیمی مواقع فراہم کرتی ہے جو اپنی تعلیم جاری رکھ کر بہتر مستقبل کی راہ ہموار کرنا چاہتے ہیں۔تلنگانہ اوپن اسکول کا مشن ''سب کے لیے تعلیم'' کو فروغ دینا ہے، جس میں بالخصوص لڑکیوں اور خواتین، دیہی نوجوانوں، ملازمت پیشہ مرد و خواتین، درج فہرست ذاتوں (SC)، درج فہرست قبائل (ST)، پسماندہ طبقات (BC)، اقلیتی برادریوں، معذور افراد، محروم طبقات اور ایسے تمام افراد پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے جو کسی بھی وجہ سے رسمی تعلیمی نظام کے تحت دسویں جماعت تک اپنی تعلیم جاری نہ رکھ سکے۔تلنگانہ اوپن اسکول نے تعلیمی سال 2008-09 سے ایس ایس سی (دسویں جماعت) کا کورس شروع کیا۔اس وقت یہ ادارہ ریاست کے تمام 33 اضلاع میں متعلقہ ضلعی تعلیمی افسران (DEOs) کی نگرانی میں کام کر رہا ہے۔ اس کے تحت تقریباً 900 ایس ایس سی اور 932 انٹرمیڈیٹ منظور شدہ تعلیمی ادارے (Accredited Institutions-AIs) اور منظور شدہ پیشہ ورانہ ادارے (AVIs-Approved Vocational Institutions) قائم ہیں، جنہیں عام طور پر اسٹڈی سینٹرز کہا جاتا ہے۔طلبہ کے داخلے انہی منظور شدہ اسٹڈی سینٹرز (AIs) کے ذریعے کیے جاتے ہیں۔تعلیمی سال 2010-11 سے تلنگانہ اوپن اسکول نے انٹرمیڈیٹ کورس بھی شروع کیا، تاکہ طلبہ کو دسویں جماعت کے بعد بھی اپنی تعلیم جاری رکھنے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔

### 1.1 اوپن اسکول کی خصوصیات اور لچک

**i.** **حدِ عمر:** داخلہ کے لئے عمر کی کوئی بالائی حد نہیں ہے۔البتہ ایس ایس سی میں داخلہ کیلئے اقل ترین عمر 14 سال ہے جو کہ داخلہ کے سال 31 اگست کو مکمل ہو جائے۔

ii. انٹرمیڈیٹ میں داخلہ کے لئے اقل ترین عمر 15 سال ہے جو کہ داخلہ کے سال 31 اگست کو مکمل ہو جائے۔

**iii.** **ذریعہ تعلیم کا انتخاب:** اوپن اسکول ایس ایس سی اور انٹرمیڈیٹ کے لئے: تلگو، انگریزی، اردو، اور ہندی ذریعہ تعلیم کی سہولیات فراہم کرتا ہے۔

**iv.** **مضامین کا انتخاب:** آپ مضامین کی فہرست میں سے کسی بھی مضمون کو منتخب کر سکتے ہیں اور دی گئی اسکیم آف اسٹڈیز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

**نوٹ: انٹرمیڈیٹ کے گروپ A میں انگریزی مضمون لازمی:**

1.11 اگر آپ تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی (TOSS) کے ایس ایس سی سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ TOSS کے کورس میں ایسے مضامین کا انتخاب کریں جو آپ کے مستقبل کے تعلیمی مقاصد سے ہم آہنگ ہوں۔اس سلسلے میں TOSS کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرتا اور نہ ہی اس معاملے میں اس کا کوئی کردار ہے۔ مثال کے طور پر **بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، اپنے منظور شدہ جونیر کالجوں میں داخلہ کیلئے مخصوص مضامین کے مخصوص اجتماع کی شرط رکھتا ہے۔یعنی ایک ہندوستانی زبان، انگریزی، ریاضی، جنرل سائنس اور سماجی مطالعہ۔** اس طرح کی صورت حال میں آپ کو ان ہی مضامین کا انتخاب کرنا ہوگا۔

**انٹرمیڈیٹ (اوپن اسکول) سائینس مضمون میں داخلہ کے لئے ضروری ہے کہ SSC سطح پر مذکورہ بالا مضامین کا مطالعہ کرنا ہوگا۔**

1.1.2 **اکیڈیمک اور ویکیشنل کورسوں کا جوڑنا:** اس کورس کو اور زیادہ بامعنی بنانے کے لئے کئی پیشہ وارانہ کورس کی اکیڈیمک مضامین کے ساتھ ساتھ ایس ایس سی وانٹرمیڈیٹ سطح پر بھی پیش کش کی جارہی ہے (جدول 1 کو پڑھیئے)۔

**1.1.3 مسلسل جانچ:** آپ کے کورس کے دوران ٹیوٹر مارکر تفویضات (TMAS) کے ذریعہ آپ اپنی ترقی کا اندازہ لگا سکتے ہیں ہر مضمون میں 3 تفویضات ہوں گے جنہیں لازمی طور پر داخل کرنا ہوگا ورنہ آپ کو پبلک امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی اور آپ کا نتیجہ نامکمل قرار دیا جائے گا۔

**1.1.4 لچک دار امتحانات کی اسکیم:** پبلک امتحان سال میں دوبار منعقد ہوں گے پانچ سالہ مدت میں طالب علم کو امتحان لکھنے کے 9 مواقع دیئے جائیں گے آپ پہلی مرتبہ پبلک امتحان (ضمنی امتحان) میں داخلہ کے ایک سال مکمل ہونے پر ہی شرکت کر سکتے ہیں۔اس کے بعد آپ بقایا چار سالوں میں ہر نصف سال پر منعقد ہونے والے پبلک امتحانات میں شرکت کر سکتے ہیں۔عموما امتحان اپریل مئی اور اکتوبر نومبر میں منعقد ہوں گے۔انٹرمیڈیٹ (اوپن اسکول) کورس میں داخلہ کے لئے ایس ایس سی کے بعد دو سال کا وقفہ لازمی ہے انٹرمیڈیٹ (اوپن اسکول) کورس میں داخل شدہ طلباء اپنی کامیابی اور سٹیفکیٹ کے حصول کو یقینی بنایئے بنائیں۔اگر کوئی امیدوار پانچ سال میں دوبارہ داخلہ لے رہا ہو،اس کا داخلہ ایس ایس سی اور انٹرمیڈیٹ دونوں کے لئے منسوخ سمجھا جائے گا۔

**1.1.5 کریڈٹ کا اجتماع:** آپ کوئی ایک یا اس سے زیادہ مضامین کا کسی بھی امتحان کے لئے انتخاب کر سکتے ہیں اور اس سے کریڈیٹ حاصل کر سکتے ہیں اور یہ سٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے درکار تمام پانچ مضامین کو جب تک آپ پانچ سالہ مدت میں کامیابی حاصل نہیں کر لیتے کریڈیٹ جمع ہوتے رہیں گے۔

**1.1.6 کریڈیٹ کی منتقلی:** آپ کریڈٹ کی منتقلی (TOC) سہولت سے استفادہ کر سکتے ہیں۔COBSE کے دوسرے منظورہ بورڈ آف سکنڈری ایجوکیشن بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن کے کوئی دو مضامین میں کامیابی حاصل کی ہو منتقل کر سکتا ہے۔بشرطیکہ وہ مضامین اوپن اسکول کی اسکیم آف اسٹڈیز میں شامل ہوں۔TOC سیکشن 2.4 میں دی گئی شرائط کے مطابق ہوگی۔

**1.1.7 داخلہ کی معقولیت:** رجسٹریشن کی تاریخ سے آپ کا داخلہ 5 سال تک رہے گا اس کورس کی تکمیل کیلئے ایس ایس سی انٹرمیڈیٹ پبلک امتحانات کے لئے آپ 9 یا 9 سے کم مواقع لے سکتے ہیں۔

**1.1.8 دوبارہ داخلہ اور TOC:** سابق TOSS ایس ایس سی یا انٹرمیڈیٹ طلبہ جو اپنے ابتدائی داخلے سے پانچ سال کی مدت پوری کر چکے ہیں لیکن اپنے کورس مکمل نہیں کر سکے، TOSS میں دوبارہ داخلہ لینے کے اہل ہیں۔گزشتہ دس سالوں کے دوران مکمل کیے گئے چار تک مضامین کو نئے داخلے میں کریڈٹ کیا جائے گا۔موجودہ TOSS طلبہ جو کہ ابتدائی پانچ سال کی مدت کے دوران اپنے داخلے کی مدت میں ہیں، ان کے لئے دوبارہ داخلہ کی اجازت نہیں ہے۔

اگر آپ دوسرے بورڈز کے سابق طلبہ ہیں اور کم از کم ایک مضمون میں پاس ہوئے ہیں لیکن کورس میں کامیاب نہیں ہو سکے ہیں، تو آپ اپنے کریڈٹس منتقل کر سکتے ہیں۔دو مضامین تک منتقل کئے جا سکتے ہیں، بشرطیکہ وہ گزشتہ پانچ

سالوں کے دوران پاس کئے گئے ہوں ( سیکشن 2 ملاحظہ کریں )۔

**1.2 دیگر بورڈ کے ایس ایس سی/ انٹرمیڈیٹ سرٹیفکیٹ رکھنے والے دوبارہ ایس ایس سی/ انٹرمیڈیٹ تلنگانہ اوپن اسکول میں داخلہ کیلئے اہل نہیں:** وہ افراد جنہوں نے تلنگانہ یا دیگر ریاستوں کے کسی بھی سیکنڈری یا انٹرمیڈیٹ تعلیمی بورڈ سے پہلے ہی ایس ایس سی یا انٹرمیڈیٹ کامیابی سے مکمل کر لیا ہے، انہیں کسی بھی صورت میں تلنگانہ اوپن اسکول کے ایس ایس سی یا انٹرمیڈیٹ کورس میں دوبارہ داخلہ نہیں لینا چاہیے۔ اگر کوئی شخص اس معلومات کو چھپاتے ہوئے داخلہ لیتا ہے اور پہلے سے کسی دوسرے بورڈ سے کامیابی کے باوجود اوپن اسکول سے ایس ایس سی یا انٹرمیڈیٹ کا سرٹیفکیٹ حاصل کرتا ہے، تو اس کا سرٹیفکیٹ منسوخ کر دیا جائے گا، اور بورڈ کو گمراہ کرنے اور معلومات چھپانے پر اس کے خلاف مناسب قانونی کارروائی کی جائے گی۔

**1.3 اسٹڈی آف اسکیمیں (ایس ایس سی):**

سکنڈری (SSC) کورس کے مضامین کا خاکہ اس حصے کے جدول نمبر 1 میں درج ہے۔ ایس ایس سی کامیابی کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے امیدوار کا کم از کم پانچ مضامین میں کامیاب ہونا ضروری ہے۔ ان پانچ مضامین میں گروپ A سے دو زبانیں اور گروپ B سے تین مضامین شامل ہوں گے۔ اس کے علاوہ، خواہش مند طلبہ گروپ C سے ایک پیشہ ورانہ (ووکیشنل) مضمون بھی منتخب کر سکتے ہیں۔ طلبہ کی سہولت کے پیش نظر مضامین کے انتخاب کا طریقہ ذیل میں آسان انداز میں بیان کیا گیا ہے۔

**جدول: 1(a) SSC: سکیم آف اسٹڈیز برائے اکیڈیمک اور ووکیشنل کورس مضامین کی درجہ بندی**

| گروپ A<br>(اس گروپ میں کم از کم کوئی دو مضامین کا انتخاب کریں) | گروپ B<br>(اس گروپ میں کم از کم ایک مضمون کا انتخاب کریں) | گروپ C |
|---|---|---|
| 201- ہندی | مجموعہ-1 | 822- ٹیلرنگ، ڈیزائننگ اور ڈریس میکنگ |
| 202- انگریزی | ریاضی (211)/ ہندوستانی ثقافت اور | 841- سیل فون میکانزم |
| 204- مراٹھی | ورثہ (223)/ بزنس اسٹڈیز (215) | 842- الیکٹریشن اور ہاؤس وائرنگ |
| 205- تلگو | مجموعہ-2 | 844- ویلڈنگ |
| 206- اردو | سائنس اور ٹیکنالوجی (212) | 845- میسونری |
| 208- کنڑ | ہوم سائنس (216) | 846- کارپیری |
| 237- تامل | مجموعہ-3 | 851- کمپیوٹر کورس |
| | سماجی علوم (213) | 853- پری اسکول ٹیچر ٹریننگ |
| | نفسیات (222) | 863- آٹو موبائل میکانزم |
| | معاشیات (214) | 870- بیوٹیشن اور صحت کی دیکھ بھال |

نوٹ: عام حالات میں داخلے کی تصدیق کے بعد گروپ/ مضمون میڈیم کی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

## 1.4 اسٹڈی آف اسکیم برائے انٹرمیڈیٹ

i. انٹرمیڈیٹ (اوپن اسکول) کورس کے لئے اسکیم آف اسٹڈیز کو جدول 1 میں دکھایا گیا ہے۔

انٹرمیڈیٹ کورس کے مضامین کی تفصیل اس حصے میں جدول نمبر 1 میں دی گئی ہے۔انٹرمیڈیٹ کا کامیابی کا سٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے کم ازکم پانچ مضامین میں کامیاب ہونا ضروری ہے۔ان میں گروپ A سے ایک یا زیادہ سے زیادہ دو زبانیں، اور گروپ B سے کم ازکم تین مضامین شامل ہونا لازمی ہیں۔اگر آپ چاہیں تو گروپ C سے ایک پیشہ ورانہ (ووکیشنل) مضمون بھی منتخب کرسکتے ہیں۔

ii. اگر طالب علم TOSS انٹرمیڈیٹ سٹیفکیٹ کے ساتھ مزید اعلیٰ کورس کرنا چاہتا ہے،تو TOSS میں داخلہ لینے سے پہلے طالب علم کو یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ TOSS میں دستیاب کورس کے حوالے سے اعلیٰ کورس میں مضامین کی ضروریات کی تصدیق کرے۔تلنگانہ کی کچھ یونیورسٹیوں کے داخلے کے تقاضے کچھ ڈگری پروفیشنل کورس کے لیے یہاں دیئے گئے ہیں۔

## 1.5 اعلیٰ تعلیمی کورس کے خواہاں طلباء کے لئے رہنمایانہ ہدایات:

i) انجینئرنگ کورسز میں داخلے کے لیے اہلیت: انٹرمیڈیٹ میں ریاضی، طبعیات، کیمیا اور انگریزی مضامین کے ساتھ کامیابی حاصل کرنا ضروری ہے۔

ii) میڈیکل، زراعت اور ویٹرنری کورسز میں داخلے کے لیے اہلیت: انٹرمیڈیٹ میں حیاتیات، طبعیات، کیمیا اور انگریزی مضامین کے ساتھ کامیابی حاصل کرنا ضروری ہے۔

iii) بی اے، بی کام، بی بی ایم، بی ایس سی اور بی ایس سی (ہوم سائنس) کورسز میں داخلے کے لیے اہلیت: موجودہ ضوابط کے مطابق ان کورسز میں داخلے کے لیے امیدوار کا کسی بھی تسلیم شدہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن، سینئر سیکنڈری بورڈ یا اس کے مساوی امتحان سے انٹرمیڈیٹ (پبلک) امتحان کامیاب ہونا ضروری ہے۔

iv) ڈی ایڈ (ڈپلومہ اِن ایجوکیشن) میں داخلے کے لیے اہلیت: انٹرمیڈیٹ میں مجموعی طور پر 45 فیصد نمبر حاصل کرنا ضروری ہے، جبکہ شیڈولڈ کاسٹ (SC) اور شیڈولڈ ٹرائب (ST) امیدواروں کے لیے کم ازکم 40 فیصد نمبر درکار ہیں۔(تازہ ترین این سی ٹی ای (NCTE) رہنما اصولوں کے مطابق)

**v. ڈگری کے مختلف کورس میں داخلہ کے لیے مندرجہ ذیل شرائط کی تکمیل ضروری ہے:**

i. ابی ایس سی کورس: طلباء بی ایس کورس کے کسی بھی گروپ کا انتخاب کرسکتے ہیں بشرطیکہ وہ اس گروپ کے کم ازکم دو مضامین کامیاب شدہ امتحان میں اختیار کئے ہوں۔ان کے لیے لازمی ہے کہ وہ کم ازکم دو مضامین In Common اختیار کریں۔ بہر کیف بی ایس سی کورس کے مختلف گروپس مع ریاضی کو اگر کوئی طالب علم اختیار کرنا چاہتا ہو تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ کامیاب شدہ امتحان میں ریاضی بطور گرو مضمون کے کامیابی حاصل کریں۔

**(ii) بی ایس سی کورس میں دیگر مجموعے:**

| بی ایس سی گروپ مضامین | گروپ مضامین (اہلیتی امتحان) انٹرمیڈیٹ |
|---|---|
| a) میاتھس ،فزیکس اور کیمسٹری | میاتھس اور فزیکل سائنس |
| b) میاتھس ،فزیکس اور الیکٹرانکس | میاتھس اور فزیکل سائنس |
| c) میاتھس ،فزیکس اور کمپیوٹر سائنس | میاتھس ،طبیعیات اور کمپیوٹر سائنس یا میاتھس ،فزیکل سائنسز |
| d) میاتھس ،شماریات ،اور کمپیوٹر سائنس | میاتھس ،طبیعیات اور کمپیوٹر سائنس یا میاتھس ،فزیکل سائنسز<br>یا میاتھس ،معاشیات ،اور کامرس |
| e) میاتھس ،طبیعیات اور جیولوجی | میاتھس ،فزیکل سائنسز |
| f) طبیعیات ،کیمسٹری ،اور جیولوجی | بائیولوجیکل سائنسز اور فزیکل سائنسز یا میاتھس اور فزیکل سائنسز |
| g) کیمسٹری ،نباتیات ،اور حیوانیات | بائیولوجیکل سائنسز اور فزیکل سائنسز |
| h) کیمسٹری ،حیوانیات ،اور ماہی پروری | بائیولوجیکل سائنسز اور فزیکل سائنسز |
| i) کیمسٹری ،نباتیات ،اور جیولوجی | بائیولوجیکل سائنسز اور فزیکل سائنسز |
| j) کیمسٹری ،حیوانیات ،اور جیولوجی | بائیولوجیکل سائنسز اور فزیکل سائنسز |
| k) کیمسٹری ،نباتیات ،اور زراعت | بائیولوجیکل سائنسز اور فزیکل سائنسز |
| l) بی ایس سی ہوم سائنس | پہلی ترجیح: انٹر ہوم سائنس یا بائیولوجیکل سائنس اور فزیکل سائنسز |
| m) مائیکروبایولوجی ، بایوکیمسٹری ،اور اکواکلچر | +2 کورس بایولوجی اور فزیکل سائنسز کے ساتھ یا کوئی مساوی قابلیت |
| n) نباتیات ،جینیات ،اور کیمسٹری | +2 کورس بایولوجی اور فزیکل سائنسز کے ساتھ یا کوئی مساوی قابلیت |
| o) مائیکروبایولوجی ، بایوکیمسٹری ،اور<br>اپلائیڈ نیوٹریشن اور پبلک ہیلتھ | a) انٹرمیڈیٹ کورس بائی پی پی کے ساتھ<br>b) +2 کورس بائی پی سی کے ساتھ<br>c) پی یو سی بائی پی پی کے ساتھ |

## جدول 1:(B): انٹرمیڈیٹ اسکیم آف اسٹیڈیز برائے اکیڈیمک اور ووکیشنل کورس
## مضامین کی گروہ داری درجہ بندی معہ کوڈس نمبر

| کوڈ | مضمون<br>گروپ A | کوڈ | مضمون<br>گروپ B | کوڈ | مضمون<br>گروپ C |
|---|---|---|---|---|---|
| 301 | ہندی | 311 | ریاضی | 332 | مصوری |
| 302 | انگریزی لازمی | 312 | طبیعیات | 404 | ابتدائی بچپن کی دیکھ بھال و تعلیم * |
| 305 | تلگو | 313 | کیمسٹری | 426 | پوشاک فیشن ڈیزائننگ |
| 306 | اردو | 314 | تاریخ | 430 | کمپیوٹر سائنس |
| 310 | عربی | 315 | حیاتیات* | 460 | ہوٹل فرنٹ آفس آپریشن |
| | | 316 | جغرافیہ | 462 | مٹی اور کھاد کی مینجمنٹ |
| | | 317 | سیاسیات/ (پولیٹیکل سائنس) | | |
| | | 318 | معاشیات | | |
| | | 319 | کامرس/ بزنس اسٹڈیز | | |
| | | 320 | اکاؤنٹنسی | | |
| | | 321 | ہوم سائنس * | | |
| | | 328 | نفسیات | | |
| | | 331 | سوشیالوجی | | |
| | | 335 | ماس کمیونیکیشن | | |

نوٹ: جن مضامین کے ساتھ ستارہ (*) کا نشان دیا گیا ہے، ان میں تھیوری اور پریکٹیکل دونوں اجزاء شامل ہیں۔

## TOSS کے انٹرمیڈیٹ کورس کے ذریعہ پیش کردہ عام طور پر منتخب کئے جانے والے مجموعے درج ذیل ہیں:

| نمبر شمار | گروپ | زبان اول | زبان دوم (صرف ایک زبان کا انتخاب) | اختیاری-1 | اختیاری-2 | اختیاری-3 | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | MPC | انگریزی (302) (تمام کورسز کے لئے لازمی ہے) | تلگو(305)/اردو(306)/ ہندی(301)/عربی(310) | ریاضی(311) | طبعیات (312)(*) | کیمسٹری (313)(*) | |
| 2 | BI.PC | | تلگو(305)/اردو(306)/ ہندی(301)/عربی(310) | حیاتیات (314)(*) | طبعیات (312)(*) | کیمسٹری (313)(*) | |
| 3 | CEC | | تلگو(305)/اردو(306)/ ہندی(301)/عربی(310) | کامرس/بزنس اسٹڈیز (319) | معاشیات(318) | پولیٹیکل سائنس (317) سیاسیات | |
| 4 | HEC | | تلگو(305)/اردو(306)/ ہندی(301)/عربی(310) | تاریخ(315) | معاشیات(318) | پولیٹیکل سائنس (317) سیاسیات | |
| 5 | MEC | | تلگو(305)/اردو(306)/ ہندی(301)/عربی(310) | ریاضی(311) | معاشیات(318) | کامرس/بزنس اسٹڈیز (319) | اکاؤنٹینسی (320) |
| 6 | OTHER SUBJECTS GROUP | | تلگو(305)/اردو(306)/ ہندی(301)/عربی(310) | ہوم سائنس (321)(*)/ ماس کمیونیکیشن (335) (صرف ایک مضمون) | نفسیات(328) | سوشیالوجی(331)/ جغرافیہ (316) (صرف ایک مضمون) | |
| 7 | M.Bi.P.C | | تلگو(305)/اردو(306)/ ہندی(301)/عربی(310) | ریاضی(311) | حیاتیات (314)(*) | طبعیات (312)(*) | کیمسٹری (313)(*) |

نوٹ:

### 1. چھٹا اضافی مضمون M.Bi.P.C کورس میں:

داخلے کے دوران، طلباء چھٹا اضافی مضمون منتخب کر سکتے ہیں۔ طلباء کو تین اختیاری مضامین (حیاتیات، طبعیات، اور کیمسٹری) اور دو زبانوں کے مضامین کا انتخاب کرنا ہوگا۔ عام طور پر، ریاضی کو صرف ایک اضافی مضمون کے طور پر سمجھا جاتا ہے۔ طلباء حیاتیات کے بجائے ریاضی کو ایک اضافی مضمون کے طور پر منتخب کر سکتے ہیں لیکن یہ انتخاب ایک بار کرنے کے بعد حتمی ہوتا ہے اور تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔ اس مضمون میں کارکردگی، چاہے پاس ہو یا فیل منتخب کردہ پانچ مضامین کے پاس ہونے کی حیثیت یا کل نمبروں میں شراکت نہیں کرتی۔ چھٹے مضمون کا میمورنڈم الگ سے جاری کیا جائے گا۔ تاہم منتخب کردہ پانچ مضامین میں سے کسی ایک میں ناکامی کا نتیجہ مجموعی طور پر ناکامی میں ہوتا ہے، چاہے چھٹے مضمون میں کارکردگی کیسی بھی ہو۔

**گروپ/مضمون/میڈیم میں تبدیلی داخلے کی تصدیق کے بعد عام حالات میں اجازت نہیں ہوگی۔**

# 2. داخلہ برائے 2026-27

## 2.1 داخلہ کا طریقہ کار

i. درخواست کے لئے آدھار نمبر اور موبائیل نمبر: درخواست کے لئے آدھار نمبر اور موبائیل نمبر کا لنک ہونا ضروری ہے۔ لہذا طالب علم کو دونوں نمبروں کو درست طریقے سے درخواست فارم میں درج کرنا چاہئے۔

ii. ایسے امیدوار جو پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت رکھتے ہوں، وہ ایس ایس سی سیکنڈری کورس میں داخلے کے اہل ہیں۔ اس کے علاوہ، وہ امیدوار جنہوں نے دیگر بورڈز سے انٹرمیڈیٹ بارہویں جماعت میں ناکامی حاصل کی ہو، وہ انٹرمیڈیٹ کورس میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

iii. AI اداروں کو زائد از زائد 200 طلبہ کو SSC اور انٹرمیڈیٹ جماعت میں داخلہ دے سکتے ہیں، داخلہ پہلے آؤ پہلے پاؤ کی اساس پر ہوگا۔

iv. سائنس طلباء صرف جونیر کالجس ہی میں داخلے کے اہل ہیں، سائنسی مضامین میں صرف 80 طلبہ کو داخلہ دیا جائے گا۔

v. طلبہ کا داخلہ منظور شدہ اداروں (Als-Accredited Institutions) کے ذریعے کیا جائے گا۔ داخلہ سب کے لیے کھلا ہے۔ تعلیمی سال 27-2026 کے داخلے عارضی طور پر جون 2026 سے شروع ہونے کا امکان ہے۔ لہٰذا طلبہ کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی کی سرکاری ویب سائٹ www.telanganaopenschool.org کو باقاعدگی سے دیکھتے رہیں تاکہ تازہ ترین معلومات حاصل ہوتی رہیں۔

مزید معلومات یا رہنمائی کے لیے، طلبہ متعلقہ ضلعی تعلیمی افسر، منڈل تعلیمی افسر، جونیئر کالج کے پرنسپل، ہیڈ ماسٹر یا ضلعی کو آرڈینیٹر سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

vi. داخلہ کیلئے مجوزہ فیس کی ساخت سیکشن 2.5 میں دی گئی ہے۔ داخلہ مقرر اداروں کی Intake Capacity کی اہلیت پر منحصر ہوں گے۔

vii. اپنی پسند کے AI سے پراسپیکٹس حاصل کریں۔

viii. داخلے کی درخواست کی خانہ پری سے پہلے پراسپیکٹس میں دی گئی تمام ہدایات کو غور سے پڑھیں۔ سب سے پہلے پراسپیکٹس میں شائع شدہ داخلہ درخواست کی نمونہ نقل (SpecimenCopy) کو احتیاط سے پُر کریں، پھر تمام معلومات کی درستگی اور دیگر اہلیتی شرائط کی تصدیق کرنے کے بعد آن لائن درخواست میں تمام تفصیلات درج کر کے جمع کریں۔

ix. **امیدوار کا نام، والد کا نام اور والدہ کا نام: داخلے کے وقت، طالب علم کو اپنا پورا نام، والدہ کا نام اور والدہ کا نام بشمول اپنا Surname جیسا کہ SSC میمو T.C / ریکارڈ شیٹ / تاریخ پیدائش سٹرٹیفکیٹ میں درج کرنا چاہئے۔ درخواست فارم بھرنے یا جمع کرانے سے پہلے ناموں کی درستگی کو ان کا دستاویزات کو 2.2 کی بنیاد پر جانچیں جیسا کہ سیکشن میں دیا گیا ہے۔**
اس بات کو یقینی بنائیں کہ املا، اسپیسنگ مخففات اور مکمل ناموں کی درستگی کی تصدیق کریں تاکہ دستاویزات کے ساتھ ہم آہنگی ہو۔ اگر طالبہ شادی شدہ عورت ہے تو داخلہ فارم میں والد کا Surname درج کرنا ہوگا۔ اگر ماں کا نام تجویز کردہ سٹرٹیفکیٹ میں درج نہیں ہے، تو طلبہ کو کافی احتیاط کے ساتھ اور غلطیوں کے بغیر آدھار راشن کارڈ کے مطابق ماں کا نام درج کرنا ہوگا۔

**x.** **سر پرست کا نام:** اگر طالب علم کسی سر پرست کی نگرانی میں ہے اور سر پرست کا نام درج کرنا چاہتا ہے، تو اسے متعلقہ سٹرٹیفکیٹ کو اپ لوڈ کرنا ہوگا جمع کرانا ہوگا جو کہ خواتین اور بچوں اور بہبود کے محلے کی طرف سے جاری کیا گیا ایک مجاز اتھارٹی / سٹرٹیفکیٹ ہے۔

xi. امیدوار کی تصویر اور دستخط: طالب علم کو تازہ ترین اور واضح پاسپورٹ سائز، سفید پس منظر والی موجودہ تصویر (50kb سے 100kb کے درمیان png, jpeg jpg فارمیٹ میں) اور ایک دستخط (30 اور 50 کے درمیان سائز png, jpeg , jpg فارمیٹ میں) اپ لوڈ کرنا ہوگا۔ سفید پس منظر میں آن لائن درخواست میں تصویر اور دستخط دونوں کو الگ تصویر کے طور پر اپ لوڈ کیا جانا چاہیے۔ دستخط تصویر پر نہیں ہونی چاہئے۔ **اپ لوڈ کردہ تصاویر واضح اور قابل دید ہوں۔ غیر واضح سیاہ و سفید اپ لوڈس کسی بھی مرحلے میں مسترد کر دیئے جائیں گے۔ داخلے کی تصدیق کے بعد کوئی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔**

**xii.** **جنس: درخواست میں مرد/ خواتین/ ٹرانس جینڈر کالم داخل کرنا ہوگا۔** ٹرانس جینڈر کی صورت میں، ڈسٹرکٹ میڈیکل بورڈ کی طرف سے جاری کردہ سٹرٹیفکیٹ کو درخواست کے ساتھ اپ لوڈ کرنا ہوگا۔

xiii. شناختی نشان درخواست میں دو مرئی شناختی نشانات داخل کرنے ہوں گے۔

xiv. نمونہ درخواست پر کریں اور اسے AI سے تصدیق کروائیں۔ کوآرڈینیٹر اور اسے آن لائن کے ذریعے مراکز پر ذاتی طور پر مطلوبہ www.telanganaopenschool.org یا MeeSeva/TGOnline ادا کر کے جمع کروائیں۔

**xv.** **آن لائن رجسٹرڈ درخواست کی ایک پرنٹ آؤٹ کاپی متعلقہ انکلوژرز کے ساتھ** Al کو جمع کرائی جانی چاہئے۔ **2 ایام کار میں کوآرڈینیٹر** داخلے کی تصدیق کرنی چاہئے۔ دوسری کاپی مستقبل میں خط و کتابت کے لئے اپنے پاس رکھنی چاہیے۔

xvi. Al کوآرڈینیٹر AI لاگ انز میں دستیاب اصل سرٹیفکیٹس اور آن لائن ڈیٹا کے حوالے سے آن لائن درخواست کی چھان بین کرے گا۔ **اگر آن لائن درخواست میں کوئی تصحیح کرنی ہے تو AI کوآرڈینیٹر اپنی سطح پر درخواست کی تصدیق کرے گا۔** درخواست کی تصدیق ہونے کے بعد، مزید ترمیم ممکن نہیں ہوگی۔ درخواست کی تصدیق کے بعد، AI کوآرڈینیٹر تمام انکلوژرز کی کاپیوں کے ساتھ درخواست کے پرنٹ آؤٹ کو محفوظ تحویل میں رکھے گا۔ اصل سٹرٹیفکیٹ طالب علم کو واپس کیے جاسکتے ہیں۔ AI کوآرڈینیٹر تمام تفصیلات داخلہ رجسٹر اور دیگر متعلقہ رجسٹروں میں درج کرے گا، جیسے PCP حاضری رجسٹر، TMA رجسٹر، امتحانی رجسٹر وغیرہ۔

<u>**xvii** **طلبہ کی درخواست کی دستخط شدہ آن لائن پرنٹ آؤٹ کاپی صرف قبول کی جائے گی اور دیگر ہاتھ سے لکھی ہوئی درخواستیں قبول نہیں کی جائیں گی۔**</u>

<u>**xviii.** **طلبہ نوٹ کریں کہ درخواست پر محض AI کی تصدیق سے داخلہ نہیں ہوگا۔**</u> داخلے کی حتمی تصدیق ضلع / ریاستی حکام کو کرنی ہوگی، جس میں طالب علم کے ذریعہ جمع کرائے گئے تمام تفصیلات اور سرٹیفکیٹس کی درست طریقے سے تصدیق کرنی ہوگی۔

xi. ضلع/ریاستی حکام کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ یا تو جمع کرائے گئے سرٹیفکیٹس کے مطابق طالب علم کی تفصیلات کو درست کریں اور پیشگی اطلاع کے بغیر داخلہ کی تصدیق یا منسوخ کر دیں۔ اگر جمع کرائے گئے سرٹیفکیٹس میں کوئی بے ضابطگی غلطی نا کافی غلط تفصیلات پائی گئیں تو درخواست مسترد کر دی جائے گی۔

xx. ایک بار جب کسی خاص سلسلے (گروپ میڈیم) کے تحت داخلے کی تصدیق ہو جاتی ہے، طالب علم بقیہ مدت کے لئے داخلے کے سلسلے کو تبدیل نہیں کر سکتا ہے۔ تاہم اگر طالب خصوصی حالات میں میڈیم میں تبدیلی کرنا چاہتا ہے تو اُسے 2.8 درج طریقہ کار پر عمل کرنا ہوگا۔

**xxi. داخلہ کے ریکارڈ میں تصیح معلم کے داخلے کے ریکارڈ میں تصیح پر غور کیا جائے گا کہ پہلی بار امتحان میں حاضر ہونے سے پہلے متعلقہ DEO کے ذریعے معاون دستاویزات ڈائریکٹر TOSS کو جمع کرائے جائیں اور مطلوبہ فیس (ڈائریکٹر TOSS کے حق میں (DD) کو شامل کیا جائے۔ تاہم یہ خواہش کی جاتی ہے کہ امتحان (پہلی بار) میں شرکت کے لیے ہال ٹکٹ جاری کرنے سے پہلے اصلاح کی درخواست کی جائے تاکہ پاس سٹرفکیٹ درست تفصیلات کے ساتھ جاری ہوں۔ رجسٹریشن کی تاریخ سے 3 سال کے بعد اصلاح کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔**

xxii. اگر کوئی داخلہ کسی بھی وجہ سے مسترد کر دیا جاتا ہے، تو ادا کی گئی فیس کسی بھی صورت میں واپس نہیں کی جائے گی اور نہ ہی دوسرے درخواست دہندگان کو ایڈجسٹ کی جائے گی۔ طلبہ کو انکلوژرز کے ساتھ نامناسب درخواست کے ادخال کا ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔

xxiii. طلبہ کو چاہیے کہ وہ AI سینٹر سے خود اکتسابی مواد (Self-Learning Material) کا انتظار نہ کریں، بلکہ تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی کی ویب سائٹ (www.telanganaopenschool.org) سے سیلف لرننگ میٹریل ڈاؤن لوڈ کر کے خود مطالعہ شروع کریں۔ خود اکتسابی کا یہ مواد مقررہ وقت پر مفت فراہم کیا جائے گا۔

xxiv. آن لائن ایک وقتی رجسٹریشن یا آن لائن درخواست فارم جمع کروانا صرف داخلے یا امتحان میں شرکت کے حق کی ضمانت نہیں دیتا۔

**xxv. AI کو آرڈینیٹر کو ایس ایس سی اور انٹرمیڈیٹ کے لئے مائیگریشن سٹرفکیٹ جاری کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔**

## 2.2(a) ایس ایس سی سطح پر داخلے کے لئے ضروریات

جدول:(A)2

| ضرورت | SSC |
| --- | --- |
| (الف) اقل ترین عمر اوراعانتی اسنادات | 14 سال کی عمر 31 اگست بوقت رجسٹریشن ہونی چاہئے۔<br>(i) ٹرانسفر سٹیفکیٹ ریکارڈ شیٹ (دو تصدیق شدہ زیروکس کاپیوں کے ساتھ) جس میں درخواست گذار تاریخ پیدائش ظاہر ہوتی ہے، جسے درخواست گزار کے آخری اسکول نے جاری کیا تھا۔ سرکاری اسکول سے جاری کردہ ٹرانسفر سٹیفکیٹ اسکول چھوڑنے کے سٹیفکیٹ پر ادارے کے سربراہ کی دستخط ہونی چاہئے جبکہ پرائیویٹ اسکول سے جاری کردہ سٹیفکیٹ پر حکومت کی مجاز تعلیمی اتھارٹی کی طرف سے بھی جوابی دستخط کیے جانے چاہئیں۔ یعنی DY.E.O. ڈسٹرکٹ ایجوکیشنل آفیسر۔<br>(یا)<br>(ii) میونسپل اتھارٹی رجسٹرار آف برتھ اینڈ ڈیتھ/ تحصیلدار کے ذریعہ جاری کردہ برتھ سٹیفکیٹ (دو تصدیق شدہ زیراکس کاپیوں کے ساتھ)۔<br>**نوٹ: براہ کرم آگاہ رہیں کہ ایک بار جب آن لائن داخلہ فارم میں تاریخ پیدائش جمع کرادی جاتی ہے تو اسے کسی بھی صورت میں تبدیل نہیں کیا جاسکتا G.O.Rt. No.723 S.E (Budget-SSA) -Note under para C. Therefore ،Department dated 27.09.2008 لہٰذا، طلباء کومشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنی معلومات کی درستگی کوجمع کرانے سے پہلے یقینی بنائیں۔** |
| (ب) اقل ترین تعلیمی قابلیت | کوئی لازمی تعلیمی قابلیت کی شرط نہیں۔<br>(i) امیدوار کو چاہیے کہ خود سے ایک اقرار نامہ پیش کرے کہ اسے مناسب معلومات ہیں وہ جماعت X کی تعلیم حاصل کرنے کے قابل ہے۔<br>(ii) اگر کسی امیدوار نے اسکول میں کچھ کلاسز پڑھی ہیں تو اسے وہاں تک کی T.C / ریکارڈ شیٹ جمع کرانی ہوگی۔ |
| (ج) رہائشی تلنگانہ ثبوت | دوسری ریاست ممالک کے طلباء ایم آر او (MRO) یا متعلقہ میونسپل عہدیداران مجاز کا جاری کردہ رہائشی ثبوت پیش کریں۔ |

## 2.2 (b) انٹرمیڈیٹ سطح پر داخلے کے لئے ضروریات

جدول:(B)2

| ضرورت | انٹرمیڈیٹ کورس |
| --- | --- |
| a) اقل ترین عمر کے لئے اعانتی دستاویزات | رجسٹریشن کے سال 31 اگست کو 15 سال تاریخ پیدائش کے ریکارڈ کے ساتھ میٹریکولیشن سکنڈری ایگزامنیشن سٹیفکیٹ مع مصدقہ دوزیراکس کاپیاں۔ |
| b) اقل ترین تعلیمی قابلیت | رجسٹریشن کے سال 31 اگست کو 15 سال تاریخ (*) |
| c) تلنگانہ میں رہائشی ثبوت | دیگر ریاستوں ممالک کے طلباء جنھوں نے ایس ایس سی دیگر ریاستوں سے کامیاب کیا ہو اور رہائشی صداقت نامہ منسلک کریں۔ |

**(*) تسلیم شدہ بورڈز کی فہرست: صرف وہ امیدوار جو جدول 2.3 میں درج کوبسے (COBSE) سے تسلیم شدہ بورڈز سے ایس ایس سی (SSC) امتحان کامیاب کر چکے ہوں، انٹرمیڈیٹ کورس میں داخلے کے اہل ہوں گے۔**

## 2.3 LIST OF RECOGNIZED BOARDS / COUNCILS / OPEN SCHOOLS

| Sl. No. | Council of Boards and Recognized Boards |
|---|---|
| 1 | Board of Intermediate Education, VidyaBhavan, Nampally, Hyderabad |
| 2 | Board of Secondary Education, Chappel Road, Nampally, Hyderabad |
| 3 | Telangana Open School Society, Government of Telangana, Opp. L. B. Stadium ‘E’ Gate, S.C.E.R.T Campus, III Floor, Basheerbagh, Hyderabad |
| 4 | Assam Higher Secondary Education Council, Bamunimaidam, Guwahati |
| 5 | Board of Secondary Education, ASSAM |
| 6 | Bihar School Examination Board, Budh Marg, Patna |
| 7 | Bihar Board of Open Schooling & Examination, Chanakya National Law University Campus, Nyay Nagar, Patna |
| 8 | Bihar State Madrasa Education Board, 5, Vidyapati Marg, Patna |
| 9 | Bihar Sanskrit Shiksha Board, 414 F, Govindayan, East Boaring Canal Road, Patna |
| 10 | Banasthali Vidyapith, P.O. Banasthali, Vidyapith |
| 11 | Central Board of Secondary Education, 2, Community Centre, Shiksha Kendra, PreetVihar, Delhi |
| 12 | Chhattisgarh Board of Secondary Education, Pension Bada, Raipur |
| 13 | Chhattisgarh State Open School, Pension Bada, Raipur |
| 14 | Chhattisgarh Sanskrit Board, Pension Bada, Raipur |
| 15 | Chhattisgarh Madrasa Board, A-55, Street No. 4, KataraTalab, (C.G), Raipur |
| 16 | Council of the Indian School Certificate Examinations, Plot No.35 & 36, M.B. Road, Sector VI, PushpVihar, Saket, New Delhi |
| 17 | Dayalbagh Educational Institute (Deemed University), Dayalbagh, Agra |
| 18 | Goa Board of Secondary and Higher Secondary Education, Alto Betim, Berdez, Goa |
| 19 | Gujarat Secondary & Higher Secondary Education Board, Sector 10-B, Near Old Sachivalaya, Gandhinagar |
| 20 | Board of School Education, Haryana, Hansi Road, Bhiwani |
| 21 | H.P. Board of School Education, Gyan Lok Parisar, Civil Lines, Dharamsala, Kangra |
| 22 | J & K State Board of School Education, Rehari Colony, Jammu (Nov to April), New Campus Bemina, Bye Pass, Srinagar (May to Oct) |
| 23 | Jharkhand Academic Council, Ranchi, Gyandeep Campus, Bargawan, Namkum, Ranchi |
| 24 | Government of Karnataka, Deptt. Of Pre-University Education, 18th Cross, Sampige Road, Malleswaram, Bangalore |
| 25 | Karnataka Secondary Education Examination Board, 6th Cross, Malleswaram, Bangalore |
| 26 | Kerala Board of Public Examination Pareeksha Bhavan, Poojapura, Thiruvananthapuram |
| 27 | Kerala Board of Higher Secondary Examination, Housing Board Buildings, Santhi Nagar, Thiruvananthapuram |
| 28 | Maharashtra State Board of Secondary and Higher Secondary Education, S.R. No. - 832-A, Final Plot No-178,179, Near Balchitrawani, Behind Agharkar Research Institute, Bhamburda, Shivajinagar, Pune |
| 29 | Board of Secondary Education, Shivaji Nagar, Bhopal, Madhya Pradesh |
| 30 | M.P. State Open School, School Education Department, Govt. of M.P., Shivajinagar, Bhopal |
| 31 | Maharishi Patanjali Sanskrit Sansthan, Tulsinagar, Bhopal, Madhya Pradesh |
| 32 | Board of Secondary Education, Babupara, Imphal, Manipur |
| 33 | Council of Higher Secondary Education, Babupara, Imphal, Manipur |
| 34 | Meghalaya Board of School Education, West Garo Hills, Tura, Meghalaya |
| 35 | Mizoram Board of School Education, Chaltlang, P.O. Ramhlan, Aizawl |
| 36 | Nagaland Board of School Education, Post Box 613, Kohima |
| 37 | National Institute of Open Schooling, A-24-25, Institutional Area, Sector-62, NOIDA |
| 38 | Council of Higher Secondary Education, Orissa, C-2 Prajnapitha, Samantapur, Bhubaneswar |
| 39 | Board of Secondary Education, Bajrakabati Road, Cuttack |
| 40 | Punjab School Education Board, VidyaBhawan, SAS Nagar, Phase-8, Mohali |
| 41 | Board of Secondary Education, Jaipur Road, Ajmer, Rajasthan |
| 42 | Rajasthan State Open School, 2-2 A, JhalanaDoongri, Jaipur |
| 43 | State Board of School Examinations & Board of Higher Secondary Examinations, Directorate of Govt. Examinations, College Road, Chennai |
| 44 | Tripura Board of Secondary Education, P.N. Complex, GurkhaBasti, P.O. Kunjaban, Agartala, Tripura West |
| 45 | U.P. Board of High School & Intermediate Education, Allahabad |
| 46 | U.P. Sec. Sanskrit Education Council, Sanskrit Bhawan, 2 Shahmeena Road, Lucknow |
| 47 | Board of School Education, Uttarakhand, Ram Nagar, Nainital |
| 48 | West Bengal Board of Secondary Education, Nivedita Bhawan, Block DJ-8, Sector.III, Vidhan Nagar, Kolkata |
| 49 | W.B. Council of Higher Secondary Education, Vidyasagar Bhavan, 9/2, D.J. Block, Sector-II, Salt Lake, Kolkata |
| 50 | West Bengal Board of Primary Education, Acharya Prafulla Chandra Bhavan, DK 7/1, Sector-2, Salt Lake City, Kolkata |
| 51 | West Bengal Board of Madrasah Education, Begum Rokaiya Bhavan, 19 Haji Md. Mohan Square, Kolkata |
| 52 | West Bengal Council of Rabindra Open Schooling, Bikash Bhavan (2nd Floor), East Block, Salt Lake, Kolkata |
| 53 | A.P. Open School Society, Government of Andhra Pradesh, Opp. |

## 2.4 (a) ایس ایس سی کے لئے کریڈیٹ کی منتقلی (TOC)

ایسے طلبہ جنہوں نے کونسل آف بورڈ ز آف اسکینڈری ایجوکیشن (COBSE) سے منظور شدہ کسی بورڈ سے ایس ایس سی کے امتحان میں کم از کم ایک مضمون میں کامیابی حاصل کی ہو لیکن مکمل کورس میں ناکام رہے ہوں، وہ اوپن اسکول میں داخلہ لیتے وقت کریڈٹ کی منتقلی (TOC) کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ طلبہ زیادہ سے زیادہ دو مضامین میں کریڈٹ کی منتقلی کروا لتے ہیں، بشرطیکہ: ان مضامین میں کامیابی گزشتہ پانچ برسوں (یعنی 2022 یا اس کے بعد) میں حاصل کی گئی ہو؛ ان مضامین کا انتخاب اوپن اسکول کے نصاب اور امتحانی اسکیم کے مطابق دستیاب ہو۔ یہ وضاحت ضروری ہے کہ اگر کسی امیدوار نے با قاعدہ ایس ایس سی سٹیفکیٹ کے ساتھ ہندی کو دوسری زبان ( Second Language ) کے طور پر آندھراپردیش یا تلنگانہ میں پڑھا ہے، تو وہ TOC کے تحت قابل منتقلی نہیں ہوگا۔

آپ کو TOC مضامین کے مکمل معلومات فراہم کرنا ہوگا اور داخلہ کے وقت حصول کنندہ نشانات مسلمہ بورڈ کی جانب سے اجرا کی ہوئی اصل مارک شیٹ منسلک کرنا ہوگا آپ کو TOC کیلئے حقیقی مارکس شیٹ مع -/200 روپے فی مضمون فیس کے ہمراہ داخلہ کے وقت جمع کرنے ہوں گے۔

**نوٹ:** اگر TOC سے استفادہ کرنا چاہیں تو طلباء کے لئے ضروری ہے کہ جس میڈیم میں وہ کامیابی حاصل کئے ہوں اسی میڈیم کو اختیار کر سکتے ہیں۔

## 2.4(b) انٹرمیڈیٹ کورس کے لئے کریڈیٹ کی منتقلی (TOC):

مثلاً انٹرمیڈیٹ اور سینیر سکنڈری طلباء جنھوں نے مسلمہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ سینئر سکنڈری ایجوکیشن سے کم از کم ایک مضمون میں کامیابی حاصل کی ہو لیکن کورس کے اہل نہ پائے ہوں وہ انٹرمیڈیٹ (TOSS) میں TOC سہولت کے تحت داخلہ حاصل کر سکتے ہیں۔ جس میں 2 مضامین تک محدود رہیں گے۔ جن میں امیدوار نے گزشتہ 5 برسوں کے دوران (2022) یا بعد میں 35% نشانات کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہو۔ اور یہ ایک یا دو مضمون اوپن اسکول کی اسکیم آف اسٹڈیز اور امتحانات میں دستیاب ہوں۔ اگر طالب علم TOC، 1 یا 2 مضامین کے لیے اہل ہے، تو وہ انٹرمیڈیٹ (TOSS) کورس میں مطالعہ کے بقیہ 3 یا 4 مضامین کا انتخاب کر سکتا ہے۔ اگر آپ TOC کے لئے (ایک یا دو مضمون) کے لئے اہل ہوں تو بقایا 3 یا 4 مضامین انٹرمیڈیٹ کے منتخب کر سکتے ہیں اور مزید ایک اختیاری مضمون (چھٹے) کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں، ایسے مضامین جن کے ساتھ پریکٹیکل ہوں، TOC کے حصول کے لئے امیدوار کو تھیوری اور پریکٹیکل امتحان میں کامیاب ہونا لازمی ہوگا۔

بہ وقت داخلہ آپ کے لئے لازم ہوگا TOC مضامین میں محصلہ نشانات کی تفصیلات پیش کریں، متعلقہ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ اصل مارکس شیٹ منسلک کرتے ہوئے AI کو آرڈینٹر کے پاس جمع کروائیں جسے وہ لازم DC / DEO کے ذریعہ داخلہ کے فوراً بعد TOSS میں جمع کروائیں گے۔ ناکامی کے مارکس شیٹ بعد ازاں کسی بھی صورت میں قابل قبول نہیں ہوں گے۔ آپ کو TOC کے لئے داخلہ کے وقت حقیقی مارکس شیٹ اور -/300 روپئے فی مضمون جمع کروانے ہوں گے جیسا کہ جدول (3B) میں بتایا گیا ہے۔

**نوٹ:** اگر TOC سے استفادہ کرنا چاہیں تو طلباء کے لئے ضروری ہے کہ جس میڈیم میں وہ کامیابی حاصل کئے ہوں اس میڈیم کو اختیار کریں۔

**2.4 (c) دوبارہ داخلہ اور TOC**

سابقہ ایس ایس سی یا انٹرمیڈیٹ TOSS طلباء جو اپنے ابتدائی داخلے کے پانچ سالہ مدت کی تکمیل کر چکے ہیں لیکن اپنے کورسز مکمل نہیں کر سکے، TOSS میں دوبارہ داخلہ لینے کے اہل ہیں۔ پچھلے دس سالوں میں مکمل کیے گئے چار مضامین تک نئے داخلے میں شامل کیے جائیں گے۔ موجودہ TOSS طلباء جن کا داخلہ ابھی بھی درست ہے اور ابتدائی پانچ سالہ مدت کے اندر ہے، دوبارہ داخلہ کی اجازت نہیں ہے۔

اگر آپ دوسرے بورڈز کے سابقہ طالب علم ہیں اور کم از کم ایک مضمون میں کامیاب ہوئے ہیں لیکن کورس میں کامیاب نہیں ہوئے ہیں، تو آپ اپنے کریڈٹس منتقل کر سکتے ہیں۔ پچھلے پانچ سالوں میں مکمل کیے گئے دو مضامین تک منتقل کیے جا سکتے ہیں۔ طلباء کو TOC کے لیے SSC کے لیے فی مضمون 200 روپۓ اور انٹرمیڈیٹ کے لیے فی مضمون 300 روپے ادا کرنے ہوں گے، اس کے علاوہ قابل اطلاق داخلہ فیس بھی ہوگی۔

**2.5 (c) (SSC) میں داخلہ کے لئے فیس کا خاکہ**

داخلہ فیس برائے سیکنڈری کورس/ SSC درج ذیل جدول 3.3 میں بتایا گیا ہے، داخلہ کے لئے مجوزہ فیس کے علاوہ مزید کوئی فیس ادا نہ کریں۔

**جدول: 3.A**

| کورس | عام زمرہ (ذکور) | ایس سی/ ایس ٹی/ بی سی/ اقلیتیں/ ایکس سرویس مین ہنرمند افراد، ٹرانس جینڈر اور تمام زمرہ کی خواتین |
|---|---|---|
| SSC | | 150 روپے |
| a) رجسٹریشن فیس | 150/- روپۓ | |
| b) داخلہ فیس | | |
| (i) پانچ مضامین تک | 1400/- روپے | 1000/- روپے |
| (ii) اضافی مضمون | 200/- روپۓ | 200/- روپۓ |

**تاخیر کے لئے جرمانہ:**

مقررہ مدت سے لیٹ فیس -/100 روپۓ، مندرجہ بالا داخلہ فیس کے علاوہ ہوں گے، جس کی صراحت جدول 3.(A) میں کی گئی ہے۔

## 2.5 (b) انٹرمیڈیٹ میں داخلہ کے لئے فیس کا خاکہ

داخلہ فیس برائے انٹرمیڈیٹ (اوپن اسکول) کو درج ذیل جدول (B)3 میں بتایا گیا ہے، داخلہ کے لئے مجوزہ فیس کے علاوہ کوئی مزید فیس نہ ادا کریں۔

**جدول:3.B**

| کورس | عام زمرہ (ذکور) | ایس سی/ ایس ٹی/ بی سی/ اقلیتیں/ ایکس سروس مین ہنر مندافراد، ٹرانس جینڈر اور تمام زمرہ کی خواتین |
|---|---|---|
| انٹرمیڈیٹ<br>a) رجسٹریشن فیس<br>b) داخلہ فیس<br>(i) پانچ مضامین تک<br>(ii) اضافی مضمون | <br>-/300 روپئے<br><br>-/1500 روپے<br>-/300 روپئے فی مضمون | <br>-/300 روپئے<br><br>-/1200 روپئے<br>-/300 روپے فی مضمون |

**تاخیر کے لئے جرمانہ:**

مقررہ مدت کے دوران لیٹ فیس -/200 روپئے مندرجہ بالا داخلہ فیس کے علاوہ ہوں گے۔ جس کی صراحت جدول (B). 3 میں کی گئی ہے۔

نوٹ: i. ادا کردہ فیس واپس نہیں کی جائے گی اور نہ ہی کسی ضمن میں برابر کی جائے گی۔

ii. داخلے کے وقت ایس سی (SC)، ایس ٹی (ST)، بی سی (BC)، اقلیتوں، ٹرانسجینڈر، ایکس سروس مین اور خصوصی صلاحیتوں کے حامل افراد کے لیے فیس میں رعایت حاصل کرنے کے خواہش مند امیدواروں کو مقررہ ضوابط کے مطابق متعلقہ ثبوتی دستاویزات منسلک کرنا ضروری ہوگا۔

iii مندرجہ بالا درج داخلہ فیس میں اسٹڈی میٹریل پرسنل کنٹیکٹ پروگرام، شناختی کارڈ وغیرہ شامل ہیں۔

**ایس ایس سی/ انٹرمیڈیٹ رعایتی فیس برائے محفوظ زمرہ کے لئے درکار اسنادات**

| زمرہ | درکار اسنادات |
|---|---|
| (i) ایس سی ایس ٹی، بی سی اقلیتیں | • تصدیق نامہ صرف متعلقہ تحصیلدار یا RDO کا جاری کردہ ہو، کسی اور کا نہیں یہ تجویز کردہ فارم میں ہی ہو جس میں کمیونٹی عمر قومیت اور رہائش شامل ہو۔ |
| (ii) مختلف النوع معذورین ٹرانس جینڈر | • اسے متعلقہ میڈیکل بورڈ سے جاری کیا جائے۔ |
| (iii) وظیفہ یاب فوجی (Ex-Servicemen) | • یہ متعلقہ ضلعی سائینک ویلفیر آفیسر کا جاری کردہ ہو۔ |

### 2.6 داخلہ فیس کس طرح ادا کی جائے؟

مطلوبہ داخلہ فیس www.telanganaopenschool.org یا MeeSeva/ TGOnline مراکز کے ذریعے ادا کی جانی چاہیے اور اس کی رسید کو منتخب کردہ اسٹڈی سینٹر میں AI کو آرڈینیٹر کو جمع کرانا چاہیے۔ براہ کرم رجسٹرڈ آن لائن درخواست فارم کی ایک کاپی اور مستقبل کے حوالے کے لیے فیس کی ادائیگی کی رسید اپنے پاس رکھیں۔

### 2.6.1 آن لائن داخلہ کے رجسٹریشن کا طریقہ کار

i. پراسپیکٹس کو اچھی طرح پڑھیں۔ اہلیت کے معیار کو پورا کرنے کے بعد درخواست کی نمونہ کاپی کے دو سیٹ (اصل اور نقل) فارم (ضمیمہ A یا B) پر کریں۔

ii. اس کے بعد، ان فارموں کو AI کو آرڈینیٹر کے پاس جانچ کے لیے جمع کروائیں۔ AI کو آرڈینیٹر انہیں دستخط اور مہر کے ساتھ تصدیق کرے گا، جس سے مزید ترمیمات کو روکا جائے گا اور درستگی کو یقینی بنایا جائے گا۔

**iii. امیدوار کو پراسپیکٹس کے سیکشن 2.5 میں دی گئی فیس کی ادائیگی آن لائن ہی کرنی چاہیے۔ کسی فرد یا ادارے کو کوئی ادائیگی نہ کریں۔**

iv. درخواست کی نمونہ کاپی کی نقل کو AI کے متعلقہ افسر سے تصدیق کروائیں اور اسے TGonline سینٹر یا TOSS ویب سائٹ پر لے جائیں، رجسٹریشن اور داخلہ فیس ادا کریں، اور تمام تفصیلات اور دستاویزات آن لائن اپ لوڈ کریں۔ TGonline کے استعمال کے لیے، داخلہ فیس کے علاوہ 25 روپے بطور صارف چارجز ادا کرنے ہوں گے۔

v. داخلوں اور امتحانات میں (PH) CwSN زمرے کے تحت مراعات کا دعوی کرنے کے لیے، امیدوار کو مجاز اتھارٹی کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر زمرے کا کوڈ بیان کرنا چاہیے (پراسپیکٹس کے ضمیمہ D میں دیکھیں)۔ امیدوار کو اصل PH سرٹیفکیٹ (SADERAM سرٹیفکیٹ) کی ایک نقل جو کہ گزٹڈ افسر سے تصدیق شدہ ہو AI کو آرڈینیٹر کو جمع کروانی چاہیے۔ کو آرڈینیٹر اصل سرٹیفکیٹ کی تصدیق کرے گا اور واپس کرے گا اور تصدیق شدہ نقل کو ریاستی دفتر کے لیے DEO کو بھیجے گا۔ بعد میں جمع کروائے گئے PH سرٹیفکیٹ قبول نہیں کیے جائیں گے۔

vi. PH امیدواران جو Group-A مضامین کے تحت زبان سے مستثنیٰ ہونے کا دعوی کر رہے ہیں، انہیں زبان کوڈ اور زبان کو واضح طور پر اس جگہ پر لکھنا چاہیے جو AI کو آرڈینیٹر کے پاس موجود مجوزہ فارم میں دستیاب ہے۔ یہ صرف داخلے کے وقت ہی تسلیم کیا جائے گا اور بعد میں کسی بھی صورت میں اس طرح کے دعوے تسلیم نہیں کیے جائیں گے۔

vii. Mee-Seva/TGOnline مرکز آپ کو آن لائن رجسٹرڈ درخواست کی ایک پرنٹ آؤٹ کاپی اور فیس کی رسید دے گا۔ انہیں مستقبل کے حوالہ کے لیے اپنے پاس رکھیں۔

viii. امیدوارتین کاپیاں ایک اصل اور دو تصدیق شدہ نقول (آن لائن درخواست کے ساتھ، بشمول تاریخ پیدائش کا ثبوت تعلیمی قابلیت، انٹیگریٹڈ ذات سرٹیفکیٹ، رہائشی سرٹیفکیٹ، معذوری سرٹیفکیٹ وغیرہ (ملاحظہ کریں جدول سیکشن 2.2)۔ اصل اور

تصدیق شدہ نقول دونوں کو جانچ کے لیے دس کام کے دنوں کے اندر Al کو آرڈینیٹر کو جمع کروائیں۔

ix. Al کو آرڈینیٹر آن لائن درخواست کے پرنٹ شدہ کاپی پر تمام اندراجات کی تصدیق اصل اور تصدیق شدہ نقول کے خلاف کرے گا، اور ابتدائی طور پر آن لائن درخواست میں ضروری اصلاحات کرے گا۔ تصدیق کے بعد، AI کو آرڈینیٹر تمام اصل سرٹیفکیٹس واپس کردے گا جبکہ دفتر کے ریکارڈ کے لیے تصدیق شدہ نقل کو محفوظ رکھے گا۔

x. صرف آن لائن رجسٹریشن مکمل کرنا اور درخواست فارم آن لائن جمع کروانا داخلے کی ضمانت نہیں ہے۔ داخلہ اسی وقت تصدیق شدہ سمجھا جائے گا جب امیدوار ہارڈ کاپی AI کو آرڈینیٹر کے پاس جمع کرائے گا اور ضلعی سطحی کمیٹی سے منظوری حاصل کرے گا۔

xi. Al کو آرڈینیٹر کو آن لائن رجسٹرڈ درخواست، اس کے منسلکات کے ساتھ ضلعی سطح کی کمیٹی کو اصل دستاویزات/ درخواست کی پرنٹ کاپی کے ساتھ اہلیت، نام، ہجے، نام اور سرنامے کے درمیان فاصلہ، تاریخ پیدائش منتخب کردہ مضامین منتخب کردہ میڈیم وغیرہ کی تصدیق کرنے کے بعد مخصوص مدت کے اندر جمع کرانی چاہیے۔

xii. ضلعی سطح کی کمیٹی کے تحت DEO دفتر میں قائم داخلہ کمیٹی تمام ہارڈ کاپیاں جو AI کو آرڈینیٹرز کی طرف سے مخصوص مدت کے اندر موصول ہوتی ہیں، منسلک دستاویزات کی بنیاد پر جانچ کرے گی اور اہل داخلوں کی آن لائن تصدیق کرے گی۔

xiii. نامکمل آن لائن درخواستیں جن میں مکمل معلومات/ دستاویزات نہیں ہیں، مناسب/ واضح/مطلوبہ سائز کی تصویر، دستخط نہیں ہیں، کو مکمل طور پر مسترد کردیا جائے گا۔

xiv. داخلہ فیس ایک بار ادا کی گئی تو واپس نہیں کی جائے گی۔

xv. امیدوار TOSS ویب سائٹ سے ای۔ سیلف لرننگ مواد ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

xvi. داخلہ مندرجہ ذیل وجوہات کی بنا پر بغیر کسی اطلاع کے منسوخ کیا جائے گا:-

- اگر داخلہ فارم نامکمل ہو۔
- اگر معاون دستاویزات مکمل طور پر جمع نہ کی جائیں۔
- اگر منسلک دستاویزات جھوٹے، غیر واضح، یا اصل دستاویزات سے میل نہیں کھاتے ہیں، وغیرہ۔
- اگر کم از کم عمر کے معیار پورے نہیں کیے گئے ہیں۔۔ اگر غلط یا غلط معلومات دی گئی ہیں۔
- اگر دوہرا داخلہ لیا گیا ہے۔
- اگر TOSS SSC/Intermediate کورسز میں داخلہ دوسرے بورڈز سے اندراج یا سرٹیفیکیشن کو چھپاتے ہوئے حاصل کیا گیا ہے۔
- اگر امیدوار نے گزشتہ پانچ سالوں میں SSC / IntermediateTOSS میں داخلہ لیا ہو۔
- اگر تصویر اور دستخط غیر واضح، مقررہ سائز میں نہ ہوں، یا رنگین نہ ہوں، وغیرہ۔

- اگر درخواست میں غلط آدھار نمبر فراہم کیا گیا ہو۔
- اگر درخواست میں غلط موبائل نمبر فراہم کیا گیا ہو۔
- اگر مواصلاتی پتہ غلط ہو۔

نوٹ: ایک مرتبہ داخلہ منسوخ ہوجانے کے بعد اس پر دوبارہ غور نہیں ہوگا۔ اور ادا کی گئی فیس کسی بھی حالت میں واپس نہیں کی جائے گی۔ جھوٹے دستاویزات غلط معلومات داخل کرنے کی صورت میں درخواست گزار کے خلاف فرد جرم عائد کیا جائے گا اور تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

### 2.6.2 SSC اور انٹرمیڈیٹ کے داخلہ کی تصدیق

i. کسی خاص کورس میں داخلے کی ابتدائی مرحلے میں تصدیق ضلعی سطح کی کمیٹی کرے گی۔

ii. ریاست تلنگانہ اوپن اسکول سوسائٹی ضلعی سطح کی کمیٹی کے ذریعہ فراہم کردہ آن لائن تصدیق کی بنیاد پر آن لائن داخلہ نمبر الاٹ کرے گی۔

iii. اگر داخلہ کورس کے کسی بھی مرحلے میں کوئی تضاد پایا جاتا ہے تو داخلہ منسوخ کردیا جائے گا اور امتحان میں حاضر ہونے کے باوجود نتیجہ کا اعلان نہیں کیا جائے گا۔

iv. شناختی کارڈ میں دی گئی تفصیلات کی جانچ کرلیں اگر کوئی فرق پایا جائے تو فوراً AI کو آرڈینیٹر کے علم میں یہ بات لائی جائے۔ آپ اپنے شناختی کارڈ کو تعلیم مکمل ہونے تک حفاظت سے رکھئے۔

v. عام طور پر امیدوار کو وہی AI الاٹ کیا جائے گا جہاں پر اس نے درخواست فارم داخل کیا ہو۔ سوائے ان مخصوص صورت حال میں کہ اگر وہ AI غیر کارکرد ہو یا اس میں ناکافی اندراج ہو، کسی بھی AI کو عام طور پر اس وقت کارکرد قرار دیا جاتا ہے۔ جب اس میں SSC کورس کیلئے کم از کم 20 اور انٹرمیڈیٹ کیلئے 25 طلبہ اور زیادہ سے زیادہ 200 طلبہ داخلہ لئے ہوں، اس طرح 20 یا 25 سے کم امیدوار کے داخلے کی صورت میں امیدوار کو دوسرا قریبی AI مرکز الاٹ کیا جائے گا۔

### 2.7 مضمون/گروپ کی تبدیلی

a. اگر متعلم کو داخلہ کے پہلے سال میں کسی مضمون/ مضامین/ میڈیم کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہو تو مضمون میڈیم میں تبدیلی کی اجازت صرف PCPS10 کی تکمیل سے پہلے دی جائے گی۔ اس تبدیلی کے لیے متعلم کو چاہیئے کہ وہ ایس ایس سی کے لیے 500 اور انٹرمیڈیٹ کے لیے 600 روپے فی مضمون ڈیمانڈ ڈرافٹ بنام ڈائریکٹر کے ذریعے ادا کرے، PCP کی تکمیل کے بعد تین ایام کار میں کو آرڈینیٹر کی ذمہ داری ہے وہ اس درخواست کو Al کو آرڈینیٹر کو داخل کرے۔ AI کو آرڈینیٹر کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس درخواست کو ضلعی ایجوکیشنل آفیسر کے علم میں 10 ویں PCP کی تعمیل کے بعد سات ایام کار میں لائے۔

b. اگر متعلم کو داخلہ کے پہلے سال میں کسی مضمون/ مضامین میڈیم کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہو تو مضمون میڈیم کی تبدیلی کی

درخواست پر بھی 7ویں PCP کے درمیان اور امتحانی فیس کی ادائیگی سے پہلے (بغیر جرمانے کے) غور کیا جائے گا۔ SSC کے لئے -/2500 روپے۔ انٹرمیڈیٹ کے لئے -/3000 روپے ادا کرنے ہوں گے، دیگر شرائط کی مشروط تکمیل کے ساتھ۔ AI کو آرڈینیٹر کو چاہئے کہ وہ متعلم کی درخواست کو TOSS ڈائریکٹر کو تین ایام کار میں مطلوبہ فیس کے ساتھ داخل کرے۔ یہ اجازت صرف داخلے کے پہلے سال کے دوران ہوگی۔ متعلم سائنس گروپ سے نان سائنس گروپ میں تبدیل کرسکتا ہے بشرطیکہ وہ تمام ضروری شرائط پوری کرے۔ تاہم نان سائنس گروپ سے سائنس گروپ میں بہرصورت تبدیلی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

c. عام حالات میں امتحان کی فیس کی ادائیگی کے بعد میڈیم مضمون/گروپ کی تبدیلی کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

d. امیدوار تبدیل شدہ مضمون میڈیم میں امتحان دینے کے لیے اہلیت حاصل کرنے کے لیے لازمی طور پر 24 پی سی پیز میں شرکت کرنی ہوگی۔

e. اپنے AI کے ساتھ رابطے میں رہیں اور یقینی بنائیں کہ مطلوبہ تبدیلیاں کی جا چکی ہیں۔ اگر درخواست مسترد ہو جاتی ہے تو ادا کی گئی فیس واپس نہیں کی جائے گی۔

### 2.8 آپ کے AI (اسٹڈی سنٹر) کے بارے میں:

منظورہ ادارہ یعنی (اسٹڈی سنٹر) جس کا آپ نے داخلہ کے وقت انتخاب کیا ہے آپ کے لئے درج ذیل سہولیات فراہم کرے گا۔

i. خانہ پری کئے ہوئے درخواست قبول کرے گا۔

ii. آن لائن درخواست کی ہارڈ کاپی اور ضروری دستاویزات کا جائزہ لے گا، اگر ضرورت ہو تو آن لائن اور ہارڈ کاپی دونوں میں تصحیحات کرے گا، اور ہارڈ کاپی کا ایک سیٹ ڈسٹرکٹ کمیٹی کو مزید تصدیق کے لیے جمع کرائے گا۔

iii. داخلے کی تفصیلات کی تصدیق کرے گا اور شناختی کارڈ کی تصدیق کرے گا۔

iv. بغیر کسی رقم کی مانگ کئے مطالعاتی مواد فراہم کرے گا۔

v. Al کو آرڈینیٹر کو یہ نوٹ کرنا چاہیے کہ کوئی بھی AI (منظور شدہ ادارہ) اسی صورت میں قابل قبول (Viable) سمجھا جاتا ہے جب اُس میں کم از کم 20 طلبہ کا اندراج ایس ایس سی کے لیے 25 کا انٹرمیڈیٹ کے لیے، اور زیادہ سے زیادہ 200 طلبہ کا اندراج ہو۔ اگر کسی AI میں اندراجات اس مقررہ حد سے کم ہوں، تو طلبہ کو قریبی کسی قابل قبول AI میں منتقل کر دیا جائے گا۔ لہذا Al کو آرڈینیٹر ز کو ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ درکار معلومات فوری طور پر ضلعی کو آرڈینیٹر یا DEO کو فراہم کریں تا کہ طلبہ کو قریبی PCP سینٹر میں ضم کرنے کا عمل مکمل کیا جا سکے۔ اگر کسی خصوصی داخلہ مہم کے دوران اندراجات میں اضافہ ہو بھی جائے اور AI بظاہر قابل قبول بن جائے، تب بھی اسے قابل قبول AI نہیں مانا جائے گا کیونکہ اسے پہلے ہی

قریبی AI میں ضم کیا جا چکا ہے۔ غیر مؤثر (Al(Uneconomic مراکز کسی بھی قسم کی گرانٹس کے حقدار نہیں ہوں گے۔

vi. 30 پرسنل کنٹاکٹ پروگرامس (PCP's) منعقد کرے گا جس میں ہر طالب علم کے لئے کم از کم 24 میں شرکت کرنا لازمی ہے ورنہ اسے پبلک امتحانات میں شرکت کرنے سے روک دیا جائے گا اگر اسے امتحانات میں شرکت کی اجازت مل جاتی ہے تو اس کے نتیجہ کو نامکمل قرار دیا جائے گا یا روک دیا جائے گا۔

vii. جن مضامین میں عملی (پریکٹیکل) امتحان شامل ہے، ان کے لیے 48 اضافی کلاسیں منعقد کی جائیں گی، جن میں شرکت کرنا لازمی ہوگا۔

viii. داخلہ لیے گئے کورس سے متعلق تعلیمی سوالات اور مشکلات کے حل کے لیے پی سی پی (PCP) کلاسوں کے دوران ٹیوٹر کی جانب سے ضروری رہنمائی فراہم کی جائے گی۔

ix. ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹس (ٹی ایم ایز) کے جمع کرانے کی تاریخوں کے بارے میں ضروری رہنمائی فراہم کرے گا۔

x. مضامین میں تبدیلی اضافی مضامین کی درخواستوں کو قبول کرے گا اور انہیں متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشنل آفیسر کے پاس بھیجے گا۔

xi. فیس کی ادائیگی کے شیڈول، امتحانات کے ٹائم ٹیبل، پی سی پی (PCP) کلاسوں کے شیڈول، ہال ٹکٹ کے اجرا، امتحانی مراکز اور دیگر اہم معلومات فراہم کی جائیں گی۔ طلبہ کو تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کے لیے اے آئی (Accredited Institution) یا مقررہ ذمہ دار شخص سے مسلسل رابطے میں رہنا ہوگا۔

xii. عوامی امتحانات کے نتائج نوٹس بورڈ پر آویزاں کیے جائیں گے، اور اسٹیٹ آفس سے وصول ہونے پر مارک شیٹس، پاس سرٹیفکیٹس، مائیگریشن سرٹیفکیٹس وغیرہ جاری کیے جائیں گے۔

xiii. گمشدگی کی صورت میں ڈپلیکیٹ سرٹیفکیٹس کے حصول کے بارے میں ضروری رہنمائی فراہم کرے گا۔

xiv. یہ بھی تجویز کیا جاتا ہے کہ ایک مؤثر رابطے کا نظام قائم کیا جائے تاکہ اہم ہدایات، شیڈیول، فیس کی تاریخوں اور دیگر ضروری معلومات کو مؤثر انداز میں طلبہ تک پہنچایا جا سکے۔

# 3. تدریسی عمل

اوپن اسکول میں آپ کو اپنے طور پر سیکھنا ہوگا مثلاً آپ خودکار طالب علم ہیں آپ اپنی خود کی رفتار اور سہولت سے سیکھ سکتے ہیں۔ تدریسی عمل میں خود اکتسابی طبع شدہ مواد، آڈیو، ویڈیو پروگراموں کو سنا اور دیکھنا اسٹڈی سنٹر پرسنل کنٹاکٹ پروگراموں میں شرکت کرنا اور ٹیوٹر مارکڈ تفویضات مکمل کرنا شامل ہے۔

## 3.1 خود اکتسابی مواد(SLM)

مختلف مضامین کیلئے خصوصی طور پر تیار کردہ خود اکتسابی طبع شدہ تدریسی مواد lA کے ذریعہ آپ کو فراہم کیا جائے گا۔طلباء نے جس ذریعہ تعلیم اور جن مجموعہ مضامین کا رجسٹریشن کروایا ہے ان تمام مضامین کا مطالعاتی مواد اپنے AI سے لازمی طور پر حاصل کرنا ہوگا جسے 3.2 سیکشن میں بیان کیا گیا ہے۔

## 3.2 شخصی رابطہ پروگرام(PCPS)

عمومی طور پر ذاتی رابطہ کلاسز(PCPs - Personal Contact Programmes)صرف آف لائن انداز میں منعقد کی جاتی ہیں۔

i. ہر مضمون کے لیے 30PCP کلاسز منعقد کی جائیں گی، جن میں سے کم از کم 24 کلاسز میں طلبہ کی حاضری لازمی ہوگی۔جن مضامین میں عملی کام (Practicals) شامل ہے، اُن کے لیے اضافی طور پر ایس ایس سی (پیشہ ورانہ مضامین) کے لیے 10 پریکٹیکل کلاسز انٹرمیڈیٹ کے عملی مضامین کے لیے 48 پریکٹیکل کلاسز منعقد کی جائیں گی اور ان میں حاضری لازمی ہوگی۔ اگر کسی وجہ سے فزیکل PCP کلاسز کا انعقاد ممکن نہ ہو، تو صورتحال کے مطابق TOSS ورچوئل PCP سیشنز کا انتظام کرے گا تاکہ ضروریات پوری کی جاسکیں۔

ii. منظور شدہ ادارے(Accredited Institutions )کو داخلہ رجسٹر، PCP کلاسز اور عملی کلاسز کی حاضری کے رجسٹر کو باقاعدہ طور پر رکھنا ہوگا تاکہ انتظامی امور میں سہولت رہے۔تمام حاضری کی تفصیلات ضلعی تعلیمی افس(DEO) کو لازمی طور پر جمع کرائی جائیں تاکہ طلبہ کی امتحان میں شرکت کی اہلیت کی تصدیق کی جاسکے۔

iii. عام پی سی پی(PCP) کے دن کلاسوں کا وقت صبح 9:30 بجے سے شام 4:30 بجے تک ہوگا، جبکہ عملی (پریکٹیکل)PCP کے دن صبح 8:00 بجے سے شام 5:00 بجے تک کلاسیں ہوں گی۔30 روزہ PCP شیڈول اور 48 روزہ عملی (پریکٹیکل) شیڈول کی تفصیلات سیکشن 3.2 (الف) میں دی گئی ہیں۔

iv. یہ رابطہ کلاسز رسمی تعلیمی نظام کی طرح مکمل نصاب کی تدریس کے لیے نہیں ہوتیں، بلکہ ان کا مقصد طلبہ کی رہنمائی، سوالات کے جوابات اور ضروری علمی وضاحت فراہم کرنا ہوتا ہے۔طلبہ کو سختی سے مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ کم از کم 24PCP سیشنز میں

شرکت کریں، اور 48 عملی سیشنز میں حاضری لازمی ہے۔

### 3.2 (a) ذاتی رابطہ پروگرام (PCP) کا شیڈیول برائے 2026-27

تمام طلبہ کے لیے ضروری ہے کہ وہ 30 شخصی رابطہ کلاسز اور 48 پریکٹیکل کلاسز (PCP سیشنز ) میں شرکت کریں، جن کا آغاز اگست 2026 سے ہونے والا ہے۔ یہ سیشنز زیادہ تر سرکاری تعطیلات میں منعقد کیے جائیں گے تاکہ طلبہ کی معمول کی تعلیمی یا پیشہ ورانہ مصروفیات میں خلل نہ آئے۔ طلبہ کو سختی سے مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ان سیشنز کا تفصیلی شیڈیول پیشگی طور پر اپنے متعلقہ منظور شدہ ادارے (AI) ضلعی کوآرڈینیٹرز سے حاصل کریں، یا پھر سرکاری ویب سائٹ پر جا کر ملاحظہ کریں۔ شیڈیول سے بروقت آگاہی طلبہ کو بہتر منصوبہ بندی میں مدد دے گی اور انہیں پروگرام میں مکمل شرکت یقینی بنانے کا موقع فراہم کرے گی۔

### 3.3 ٹیوٹر مارکڈ تفویضات:

مطالعہ کے دوران آپ کی استعداد کو جانچنے کے لئے ،طلبہ کو ہر مضمون پر تین ٹیوٹر مارکڈ اسائمنٹس (TMAS) جمع کروانے ہوں گے۔ کوآرڈینیٹر نصاب اور تشخیص کے طریقہ کار کے مطابق TMA کو تفویض کریں گے، اور شیڈول کے مطابق انہیں طلباء جمع کریں گے۔ جانچ اور تشخیص کے بعد TMAS کو AI کوآرڈینیٹر کے ذریعہ تعلیمی رجسٹروں کے ساتھ دستاویزی کیا جائے گا اور طلباء کو ضروری فیڈ بیک فراہم کیا جائے گا۔

# 4 پیشہ وارانہ کورسیس

اوپن اسکول SSC اور انٹرمیڈیٹ کورس میں رسمی مضامین کے ساتھ ساتھ پیشہ وارانہ کورسیس بھی شامل ہیں، اگر متعلم چاہے تو اپنے چھٹے مضمون کو 1 پیشہ وارانہ کورس کے طور پر انتخاب کر سکتا ہے۔

مندرجہ ذیل میں پیشہ وارانہ کورسیس کے نام اور ان کے کوڈ نمبر کی فہرست پیش کی گئی ہے۔

## 4.1 SSC (گروپ C)

| سلسلہ نشان | کورس کا نام | کوڈ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | ٹیلرنگ، ڈیزائننگ اور تیاری | 822 |
| 2 | سیل فون میکانزم | 841 |
| 3 | الکٹریشن اور ہاؤس وائرنگ | 842 |
| 4 | ویلڈنگ | 844 |
| 5 | کارپینٹری | 846 |
| 6 | کمپیوٹر کورس | 851 |
| 7 | پری اسکول ٹیچر ٹریننگ | 853 |
| 8 | میسونری | 845 |
| 9 | آٹوموبائیل میکانک | 863 |
| 10 | بیوٹیشن اور ہیلتھ کیئر | 870 |

نوٹ: مندرجہ بالا بیان کردہ ووکیشنل ادارے اوپن اسکول سے لاحق ہیں طلباء مذکورہ بالا اداروں ہی میں جس کی صراحت جدول میں کی گئی ہے، مقررہ وقت میں ٹریننگ حاصل کریں، جو طلباء اس میں شرکت نہیں کریں گے وہ تحریری اور پریکٹیکل امتحان شرکت کے اہل نہیں ہیں۔

## 4.2 انٹرمیڈیٹ (گروپ C)

| سلسلہ نشان | کورس کا نام | ووکیشنل تھیوری کوڈ | ووکیشنل پریکٹیکل |
|---|---|---|---|
| 1 | ابرلی چائیلڈ ہوڈ کیر اینڈ ایجوکیشن | 404 | 604 |
| 2 | اپیریل فیشن ڈیزائننگ | 426 | 626 |
| 3 | کمپیوٹر سائنس | 430 | 630 |
| 4 | ہوٹل فرنٹ آفس آپریشن | 460 | 660 |
| 5 | سائیکل فرٹیلائزر مینجمنٹ | 462 | 662 |
| 6 | مصوری (پینٹنگ) | 332 | 632 |

نوٹ: طالب علم (گروپ C) کے ووکیشنل مضامین کا انتخاب صرف انہیں جونینز کا جس ہی میں کر سکتے ہیں جہاں یہ پیش کئے گئے ہیں، ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ جاب ٹریننگ (OJT) میں شرکت کریں، علاوہ ازیں ووکیشنل کالج ٹریننگ سنٹر اسٹڈیز میں 8 ہفتہ تھیوری کلاس میں بھی شرکت کریں، طالب علم کو چاہئے کہ وہ (OJT) میں شرکت کردہ سٹرٹیفکیٹ کو داخل کریں اور پریکٹیکل امتحان کو لازمی بنائیں۔

## 4.3 Rural Self Employment Training Institutes (RSETIs)

| Sector Name | Skill Course | Key Details |
|---|---|---|
| Agriculture & Allied | Mushroom Cultivation | * Eligibility: Rural youth aged 18-50 years<br><br>* Training Duration: 6-60 Days<br><br>* Free food & accommodation, study material, assessment & certification<br><br>* 70% Practical training and field visits<br><br>* Personality development skills along with technical skills<br><br>* Special training sessions through behavioral games<br><br>* Bank loan facility for self-employment<br><br>For details contact: 0866-2951144, Visit: www.rseti.in |
| | Essentials of Honey Production and Value Addition | |
| Agriculture & Horticulture | Commercial Horticulture | |
| | Essentials of Vegetable Farming and Nursery Management | |
| Apparel & Fashion | Tailor - Elective 1: Women's Garments | |
| | Tailor - Elective 2: Men's Garments | |
| Automotive | Two Wheeler Mechanic | |
| Automotive & EV Technology | Electric Vehicle Assembly Operator | |
| Automotive & Transport | LMV Owner Driver | |
| Banking & Financial Services | Business Correspondent & Business Facilitator | |
| Beauty & Wellness | Junior Beauty Practitioner (Laghu Udyami) | |
| Electrical | House Wiring | |
| Electrical Repair Services | Electric Motor Rewinding & Repair Services | |
| Electronics & Security Systems | Installation & Servicing of CCTV Camera, Security Alarm & Smoke Detector | |
| Electronics Repair | Cellular Phone Repair and Service | |
| Fashion Accessories & Handicrafts | Essentials of Making Creative Jewellery | |
| Food Processing | Basics of Papad, Pickles and Masala Powder Making | |
| Food Processing & Hospitality | Laghu Udyami (Fast Food Stall) | |
| Handicrafts & Home Enterprise | Basics of Homemade Agarbatti Making | |
| Handicrafts & Micro Enterprise | Basics of Candle Making | |
| Information Technology (IT) | Computer Hardware and Networking | |
| Livestock Management | Animal Rearing (Laghu Udyami) - Elective 4 Sheep (RPL-4) | |
| Mechanical Services | Refrigeration and Air-conditioning | |
| Media & Creative Services | Laghu Udyami (Photography and Videography) | |
| Traditional Arts & Crafts | Vastra Chitra Kala Laghu Udyami | |

| CONTACT DETAILS OF TELANGANA RSETIs | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Sl. No | Bank | RSETI Location | Covering Districts | Director | Contact No & E-mail | RSETI |
| 1 | UBI | SIDDIPET | Siddipet | Shri Gemunayak Rathod | (O)08457-225944 (M)96663 32254 abrsetidpt@gmail.com | Old |
| 2 | UBI | MUCHINTAL | Rangareddy, Mechal | Shri Surendra Babu | (M)94947 44906 Ab.sbt.hyd.vti@gmail.com | Old |
| 3 | UBI | PEDAPALI | Pedapalli | Shri Rakesh | (M)91770 94246 | New |
| 4 | UBI | WANAPARTHI | Wanaparthy | Shri Anil Kumar | (M)79816 84174 (O) ubirsetiwanaparthy@gmail.com | New |
| 5 | UBI | MANCHIRYAL | Manchiryal | Shri Ashish Warle | (M)98909 93796 (O) rsetimancherial@gmail.com | New |
| 6 | UBI | JAGITYAL | Jagityal | Shri M Bapu | (M)97042 37444 ubirsetijagtial@gmail.com | New |
| 7 | UBI | GADWAL JOGULAMBA | Gadwal Jogulamba | Shri Srinivas Naik | (M)70957 85979 (O) unionrsetigadwal@gmail.com | New |
| 8 | UBI | RAJANNA SIRCILLA | Rajanna Sircilla | Shri GSR Krishna | (M)63018 90681 rseti.sircilla@gmail.com | New |
| 9 | SBI | ADILABAD (Utnoor) | Adilabad, Komuranbeem, Asifabad, Nirmal | Shri Mahammad Gouse | (O)08731 275270 (M)90005 18266 Rseti.utnoor.ap@gmail.com | Old |
| 10 | SBI | KARIMNAGAR | Karimnagar | Shri Sampath | (O)0878 2248313 (M)91009 90226 Rseti.krm.ap@gmail.com | Old |
| 11 | SBI | KHAMMAM | Khammam, Bhadradri | Shri Chandrasekhar | (O)08472 258557 (M)77999 99780 rseti.kham.ap@gmail.com | Old |
| 12 | SBI | NALGONDA | Nalgonda, Suryapet | Smt Siyaji Rai | (O)08682 230683 (F)08682 230683 (M)95996 64451 rseti.nlg.ap@gmail.com | Old |
| 13 | SBI | NIZAMABAD (Dichpalli) | Nizamabad (Dichpalli) | Shri Ravikumar | (O)08461 222428 (M)94408 28040 Rseti.nizma.ap@gmail.com | Old |
| 14 | SBI | RANGAREDDY (Chilkur) | Rangareddy, Vikarabad | Shri Mohammad Ali Khan | (O)08413 201086 (M)99635 62266 Rseti.chilkur@gmail.com | Old |
| 15 | SBI | HANUMAKONDA (Hasanparthi) | Hanumakonda, Jangaon, Jayashankar Bhupalpalli, Mahabubabad, Mulugu & Warangal | Shri B. Ravi | (O)08413 201086 (M)94934 73035 Rseti.wgl.ap@gmail.com | Old |
| 16 | SBI | MAHABUBNAGAR | Mahabubnagar, Narayanpet | Shri G Srinivas | (M)98490 69079 (O)08542 270394 sbirseti.mbnr@gmail.com | Old |
| 17 | SBI | SANGAREDDY | Sangareddy, Medak | Shri Rajesh Kumar | (O)81790 70900 rsetimedak@yahoo.com | Old |
| 18 | UBI | NAGARKURNOOL | Nagarkurnool | Shaik Javeed Ahmad | (M)94946 75667 ubirsetinagarkurnool@gmail.com | New |
| 19 | CNB | KAMAREDDY | Kamareddy | K. Amar Singh | (M)90007 93316 | New |
| 20 | CNB | YADADRI BHUVANAGIRI | Yadadri Bhuvanagiri | Bhukya Kishan Nayak | (M)99496 30607, 63033 25788 | New |

# 5. امتحانی نظام اور تعین قدر

## 5.1 پبلک امتحانات:

پبلک امتحانات سال میں دو مرتبہ اپریل مئی اور اکتوبر نومبر میں منعقد کئے جاتے ہیں۔ ان امتحانوں کی تواریخ کا تعین اوپن اسکول کرتا ہے۔

### i. پبلک امتحانات کے رجسٹریشن

a. تلنگانہ اوپن اسکول کے امتحانات میں شامل ہونے کے لیے ہر مرتبہ رجسٹریشن کی ضرورت ہوتی ہے، جس کی اجازت پانچ سال کی مدت میں نو کوششوں تک ہوتی ہے۔ رجسٹریشن www.telanganaopenschool.org یا TGOnline/Mee - Seva کے ذریعے کی جاتی ہے۔ منتخب کردہ کورس کے مطابق امتحان فیس کی ادائیگی کو یقینی بنائیں۔

b. تمام تفصیلات جیسے نام، والد کا نام، تاریخ پیدائش، مضامین، میڈیم وغیرہ فیس کی ادائیگی کی رسید پر درج ہوں گے۔ متعلم کو اپنے متعلقہ AI کے ساتھ دستیاب آن لائن داخلہ ڈیٹا کے حوالے سے تمام تفصیلات کی تصدیق کرنی چاہیے۔ فیس کی ادائیگی کی رسید کو فوراً متعلقہ AI میں جمع کروائیں۔

c. **طلبہ کو یاد رکھنا چاہیے کہ امتحانی فیس (بغیر جرمانے کے) کی ادائیگی کے بعد تاریخ پیدائش، میڈیم سبجیکٹ اور گروپ کو تبدیل نہیں کیا جائے گا۔**

d. **متعلم کو امتحانات میں مضامین، میڈیم، گروپ کے ہال ٹکٹ پر چھپے ہوئے امتحانات میں شرکت کرنی چاہیے۔**

e. **امتحانی مراکز کے چیف سپرنٹنڈنٹس اور AI کو آرڈینیٹرز تاریخ پیدائش، مضامین، میڈیم اور گروپ کے حوالے سے نامزد فہرستوں، ہال ٹکٹس میں کوئی تصحیح کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔ جب تک کہ ریاستی دفتر کے تحریری احکامات سے خاص طور پر اجازت نہ دی گئی ہو۔**

### ii. دیرینہ فیس کی مدت ختم ہونے کے بعد امتحان کے رجسٹریشن معہ فیس جرمانہ کی سہولت:

a. وہ طالب علم جو وقت پر امتحانی فیس ادا نہیں کر سکے، وہ امتحانی فیس کی ادائیگی کے شیڈول کے دوران امتحانی فیس کے علاوہ مقررہ لیٹ فیس کے ساتھ امتحانی فیس بھی ادا کر سکتے ہیں۔

b. جرمانہ فیس کے ساتھ امتحان کے اندراج کا انتظام: تمام دیگر شرائط کے پورا ہونے کے ساتھ، بغیر اور جرمانے کے مقررہ تاریخوں کے بعد امتحانی فیس کی ادائیگی کے لیے متعلمین کو مطلوبہ امتحانی فیس کے ساتھ ساتھ جمع کر کے رجسٹر کرنے کا موقع ملتا ہے۔ تتکال اسکیم کے تحت لیٹ فیس -/500 روپئے SSC کے لئے اور فیس -/1000 روپئے انٹرمیڈیٹ کے لیے فیس کی ادائیگی کے شیڈول کے بعد امتحان کے لیے کوئی رجسٹریشن نہیں ہوگی۔

c. ایک بار ادا کی جانے والی امتحانی فیس نہ تو واپس کی جاتی ہے اور نہ ہی اگلے امتحانات میں ایڈجسٹ ہوتی ہے۔

**5.2 i. کریڈٹ کا جمع ہونا**

پانچ سال کی مدت کے دوران آپ کو پبلک امتحانات میں شرکت کرنے کے جملہ 9 مواقع دئے جائیں گے۔ تلنگانہ اوپن اسکول آپ کے مختلف مضامین میں حاصل ہونے والے کریڈٹ کو جمع کرتا جائے گا یہاں تک کہ سٹرٹیفکیٹ کے لئے درکار تمام مضامین میں آپ کامیاب ہو جائیں۔ امتحان کی اس لچک دار اسکیم سے فائدہ اُٹھایئے تاکہ آپ سیکھ سکیں اور بہتر نتائج حاصل کر سکیں۔

البتہ اوپن اسکول کے لئے یہ ضروری ہوجاتا ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً مختلف کورسوں کے نصاب کی نظرثانی کرے، ایسی صورت میں اوپن اسکول کے فیصلہ کی پابندی لازمی ہوگی۔

**ii. پریکٹیکل مضامین میں کریڈٹ کا حصول**

SSC اور انٹر کے امتحانات میں تھیوری اور پریکٹیکل دونوں کو ایک اکائی تصور کیا جاتا ہے۔ اور آپ کو ان دونوں کو ملا کر کامیاب ہونا ہے۔ اس لئے SSC اور انٹر کے ایسے مضمون جس میں عملی کام بھی ہو شرکت کرنے کے لئے آپ کو دونوں پریکٹیکل تھیوری امتحانات میں شرکت کرنا ہوگا۔ اور دونوں کی امتحانی فیس بھی جمع کرنی ہوگی۔ TOSS انٹرمیڈیٹ کا تھیوری اور پریکٹیکل امتحانی ہال ٹکٹ کی علاحدہ اجرائی عمل میں آئے گی، پریکٹیکل فیس کی عدم ادائیگی کی بنیاد پر پریکٹیکل امتحان کا ہال ٹکٹ اجرا نہیں کیا جائے گا۔ کامیابی کیلئے درکار شرائط سیکشن 5.6 میں دیے گئے ہیں۔

**5.3 کارکردگی میں بہتری**

i. اوپن اسکول آپ کو ایسے مضامین جس میں آپ کامیاب ہو چکے ہوں دوبارہ درخواست دینے کی سہولت فراہم کرتا ہے؛ تا کہ آپ اپنے مظاہرہ میں بہتری لا سکیں۔ یہ سہولت رجسٹریشن کی مدت کے اندر صرف ایک ہی مرتبہ دی جائے گی۔ اگر طالب علم تمام مضامین SSC / انٹرمیڈیٹ میں کامیابی حاصل کی ہو اایسی صورت میں Improvement کا موقع نہیں دیا جائیگا۔ طالب علم کو چاہیے کہ وہ اپنا سابقہ نتیجہ Performance کو کالعدم قرار دے کر اور تمام مضامین کو نئے سرے سے اپنے مظاہرہ میں اضافہ کے لئے لکھیں صرف موجودہ مظاہرہ ہی شمار کیا جائے گا۔

ii. مظاہرے میں بہتری کے لئے درخواست دینے کا وہی طریقہ کار ہے جیسا کہ آپ نے پہلی مرتبہ امتحانات میں شرکت کے لئے 200 روپئے اور انٹرمیڈیٹ کے لئے 350 روپے علاوہ امتحانی فیس کے ادا کرتے ہوئے اپنایا تھا۔ داخلہ کے پانچ سال کے دوران یہ موقع آپ کو صرف ایک ہی بار ملے گا۔ ایسے مضامین جن کے ساتھ پریکٹیکل ہوں انہیں پریکٹیکل فیس بھی ادا کرنی ہوگی۔

iii. ایسے مضامین جس میں پریکٹیکل شامل ہیں، اگر مظاہرہ میں بہتری لانا ہو تو آپ کو دونوں میں شرکت کرنی ہوگی۔ بہتری لانے کے مقصد سے شرکت کرنے والے امتحان میں کامیابی کے لئے کم از کم 35 حاصل کرنے ہوں گے۔

**5.4 (i) مارکس شیٹ اور مائیگریشن ٹرانسفر سٹرٹیفکیٹ کی اجرائی**

نتائج کے اعلان کے بعد آپ اپنے A1 کے ذریعہ مارکس شیٹ حاصل کریں گے۔ کامیاب ہونے والے امیدواروں کو ہی

عارضی سٹیفکیٹ جاری کئے جائیں گے۔ اضافی مضمون میں کامیاب ہونے کی صورت میں دوبارہ سٹیفکیٹ نہیں دیا جائے گا؟ بلکہ محض مارکس شیٹ ہی دی جائے گی۔

## 5.5 امتحانی ودیگر فیس

امتحانی ودیگر فیس برائے SSC اور انٹرمیڈیٹ کو جدول 5.5(A) اور 5.5(B) میں دکھایا گیا ہے۔

### جدول 5.5(A) SSC امتحانی اور دیگر فیس

**I.** سکنڈری کورس کے لئے

| | | |
|---|---|---|
| 1 | امتحانی فیس | -/100 روپے فی مضمون |
| 2 | وہ مضامین جن میں عملی اور نظری دونوں ہوں عملی امتحان کیلئے اضافی فیس | -/100 روپے فی مضمون |
| 3 | TOC فیس | -/200 روپے فی مضمون |
| | لیٹ فیس برائے امتحان | |
| 4 | (پہلے پندرہ دنوں میں) | 25 روپے فی مضمون |
| 5 | (آخری پندرہ دنوں میں) | 50 روپے فی مضمون |
| 6 | امپرومینٹ کے لئے | 200 روپے |
| 7 | سٹیفکیٹ کی ثنی (Duplicate) کامیاب کاپی | 1000 روپئے |
| 8 | مارکس شیٹ کی ثنی (Duplicate) کاپی | 250 روپئے |
| 9 | ثنی (Duplicate) شناختی کارڈ | 50 روپئے |
| 10 | استثنائی کمزور بچوں کے لئے تحریر کرنے والا (فی سیشن) | 50 روپئے |
| 11 | جوابی بیاض کی مکرر گنتی کے لئے | 350 روپئے فی مضمون |
| 12 | جوابی بیاض کی مکرر جانچ | 1200 روپئے |
| 13 | Genuineness سٹیفکیٹ (سرکاری دفاتر کے علاوہ خانگی شعبہ) | 300 روپئے |
| 14 | ثنی مائیگریشن مع ٹرانسفر سٹیفکیٹ | 500 روپئے |
| 15 | SSC پاس سٹیفکیٹ کی اصلاح فیس | 1000 روپئے |
| 16 | مائیگریشن مع T.C. اصلاح فیس | 500 روپئے |

**نوٹ: G.O.M.'s No. 27.SE (Prog - II), Dt. 07-11-2022 کے تحت معذور متعلم امتحانی فیس میں رعایت کے اہل ہیں متعلم کو چاہیے کہ وہ معذوری کوڈ درج کریں جیسا کہ G.O میں بتایا گیا ہے۔ (ضمیمہ D ملاحظہ کریں)۔**

## جدول (B)5.5 امتحانی اور دیگر فیس برائے انٹرمیڈیٹ

### ii. برائے انٹرمیڈیٹ کورس

| | | |
|---|---|---|
| 1 | اضافی فیس: برائے پریکٹیکل | 150 روپے فی مضمون |
| 2 | امتحانی فیس (وہ مضامین جس کے پریکٹیکل ہو) | 150 روپے فی مضمون |
| 3 | TOC فیس | 300 روپے فی مضمون |
| | جرمانہ کے ساتھ فیس | |
| 4 | پہلے مرحلہ کی دیرینہ فیس | 25 روپے فی مضمون |
| 5 | بعد کے مرحلہ کی دیرینہ فیس | 50 روپئے فی مضمون |
| 6 | کارکردگی میں بہتری (صرف انٹرمیڈیٹ کورس کی تکمیل سے قبل) امتحانی فیس (صرف ایک موقع) | 350 روپے فی مضمون |
| 7 | TC مع مائیگریشن سٹرٹیفکیٹ | 300 روپے فی مضمون |
| 8 | Genuineness سٹرٹیفکیٹ (سرکاری دفاتر کے علاوہ خانگی شعبہ) | 300 روپے فی مضمون |
| 9 | TC اور مائیگریشن سٹرٹیفکیٹ | 800 روپے فی مضمون |
| 10 | دیگر متفرق فیس ثنی سٹرٹیفکیٹ کاپی | 1200 روپئے |
| 11 | ثنی مارک شیٹ | 350 روپئے |
| 12 | ثنی شناختی کارڈ | 100 روپئے |
| 13 | ڈاک خرچ (اگر دستاویز اسپیڈ پوسٹ/ رجسٹر پوسٹ سے درکار ہوں) | 100 روپئے |
| 14 | جوابی بیاض کی دوبارہ گنتی | 400 روپئے فی مضمون |
| 15 | جوابی بیاض کی مکرر جانچ کے لئے | 1200 روپئے |
| 16 | پاس سٹرٹیفکیٹ کی اصلاح فیس | 1100 روپئے |
| 17 | مائیگریشن مع .T.C کی اصلاح فیس | 500 روپئے |

نوٹ:

1. خصوصی صلاحیتوں کے حامل طلبہ امتحانی فیس میں رعایت کے مستحق ہیں، جیسا کہ حکومتی حکم GO MS No. 170 مورخہ 30-12-2011 میں درج ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے ضمیمہ D ملاحظہ کریں۔

2. (a) جسمانی معذوری کے لیے کوڈ 1، (b) نابینا (Blind) طلبہ کے لیے کوڈ 2، (c) بہرے اور گونگے (Deaf & Dumb) طلبہ کے لیے کوڈ 3، (d) ڈسلیکسیا (Dyslexia) سے متاثرہ طلبہ کے لیے کوڈ 4، اور (e) ذہنی معذوری (Mentally Handicapped) کے حامل طلبہ کے لیے کوڈ 5 درج کیا جائے۔ یہ کوڈ انٹر (TOSS) کے آن لائن داخلہ فارم میں لازماً درج کیے جائیں۔

# 5.6 جنرل معلومات

i. امتحان فیس کی ادائیگی تمام طلباء کے لئے عام امتحانات کے اعلان کردہ مدت میں لازمی ہے۔

ii. ادا کردہ فیس برائے امتحانات واپس نہیں ہوگی اور نہ کسی دیگر ضمن میں تبدیل کی جائے گی۔

iii. کورس کی تکمیل تک کسی بھی طالب علم کو مائیگریشن سٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جائے گا۔

iv. پاس سٹیفکیٹ صرف 5 (کامیاب) مضامین پر مشتمل ہوگا۔ جبکہ مارک شیٹ میں 5 مضامین اور اضافی چھٹا مضمون شامل رہے گا۔

V. اگر طالب علم 5 مضامین کا انتخاب کر چکا ہو، اور ان میں سے کوئی ایک مضمون میں ناکام ہو، اور اضافی چھٹے مضمون میں کامیابی حاصل کی پھر بھی اسے ناکام تصور کیا جائے گا؛ کیوں کہ چھٹے مضمون کے نمبرات ابتدائی 5 مضامین میں شمار نہیں کئے جائیں گے، اس لئے اسے ناکام قرار دیا جائے گا۔

